آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 29 اگست 2020ء بمطابق 09 محرم الحرم 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 234

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:20
ظہر	1:35
عصر	5:00
مغرب	غروب آفتاب (06:25)
عشاء	8:30

اہل تشیع

فجر صبح	6:00
ظہرین	1:00
مغرین	08:00

حکومت سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

صوبائی حکومت صوبے میں تعلیمی اداروں میں تعلیمی عمل کے آغاز کے لئے جامع میکنزم تیار کر رہی ہے جس کے لئے محکمہ تعلیم، یو ایس ایڈ، پی ڈی ایم اے، نجی شعبہ کے اسکولوں اور دینی مدارس کے نمائندوں پر مشتمل اسٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے

بلوچستان میں نجی شعبہ کی نسبت بچوں کی تعلیم کا زیادہ انحصار سرکاری اسکولوں پر ہے جہاں بچوں کی بہت بڑی تعداد زیر تعلیم ہے سرکاری اسکولوں میں کورونا وائرس کی حفاظتی تدابیر کی اس اوپیز سے متعلق اساتذہ کو تربیت فراہم کی گئی ہے

وائرس کے پھیلاؤ میں کمی آنے کے بعد لوگ احتیاطی تدابیر کو زیادہ سنجیدگی سے نہیں لے رہے تاہم صوبائی حکومت عوام میں احتیاطی تدابیر کو اجاگر کرنے اور ان پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کر رہی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت قومی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی، اجلاس میں ملک بھر میں کورونا وائرس کی صورتحال، عاشورہ محرم کے سیکیورٹی انتظامات، تعلیمی اداروں کو کھولنے سے متعلق اور بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال کا جائزہ لیا گیا، بلوچستان کے حوالے سے ان امور پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے بتایا کہ صوبائی حکومت صوبے میں تعلیمی اداروں میں تعلیمی عمل کے آغاز کے لئے جامع میکنزم تیار کر رہی ہے جس کے لئے محکمہ تعلیم، یو ایس ایڈ، پی ڈی ایم اے، نجی شعبہ

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت منعقدہ نیشنل کوارڈینیشن کمیٹی کے اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں

جب تک ہم سب ٹھیک نہیں ہونگے عدالتی فیصلوں سے کچھ نہیں ہوگا

چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ

ہزار گنجی میں ریسٹ ہاؤس اور 2 ارب سے زائد کے کرشنگ پلانٹس کے منصوبوں کی کیا ضرورت تھی، حکومت کو گورننس کا طریقہ کار تبدیل کرنے کی ضرورت ہے

بلوچستان ہائی کورٹ نے رواں سال کے پی ایس ڈی پی کے خلاف دائر اپوزیشن ارکان کی آئینی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا

پارلیمنٹ سپریم ہے یہ صرف 65 افراد نہیں بلکہ 1 کروڑ 20 لاکھ آبادی کا نمائندہ ایوان ہے عوام کی حالت پارلیمنٹ ہی بہتر کرسکتی ہے، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ نے رواں سال کے پی ایس ڈی پی کے خلاف دائر اپوزیشن ارکان کی آئینی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیئے ہیں کہ پارلیمنٹ سپریم ہے یہ صرف 65 افراد نہیں بلکہ 1 کروڑ 20 لاکھ آبادی کا نمائندہ ایوان ہے عوام کی حالت پارلیمنٹ ہی بہتر کرسکتی ہے، کیوں نہ اختیار اور تختی لگانے پر پابندی عائد کردی جائے۔ جمعہ کو بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جمال خان مندوخیل اور جسٹس عبدالحمید بلوچ پر مشتمل دو رکنی بنچ نے مالی سال 2020-21 کے پی ایس ڈی پی کے خلاف اپوزیشن اراکین کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی۔ اس موقع پر اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، ملک نصیر شاہوانی، شاہ، بلوچ، زاہد

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے عوام کو درپیش مشکلات کا حل نکالا جائے

چیئرمین سینیٹ

بلوچستان ایک بڑا صوبہ جہاں بجلی کی تقسیم کار کے نظام کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ بلوچستان ایک بڑا صوبہ جہاں بجلی کی تقسیم کار کے نظام کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے قدرتی وسائل سے مالا مال بلوچستان میں توانائی کے نئے ذرائع پر توجہ دی جائے شمسی توانائی اور قابل تجدید

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

روایتی صوبائی انتظامیہ خصوصاً جب وزراء اعلیٰ اوسط درجے کے ہوں انتظامی معاملات نہیں چلا سکتے، فواد چوہدری

22 کروڑ کی آبادی کے ملک کو 1935 میں بنائے گئے نظام کے تحت نہیں چلایا جاسکتا، وفاقی وزیر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ روایتی صوبائی انتظامیہ خصوصاً جب وزراء اعلیٰ اوسط درجے کے ہوں انتظامی معاملات نہیں چلا سکتے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اگر شہری سہولتیں نہیں ہیں، پولیس کا نظام

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر محمد عارف محمد حسنی کے گھر پر فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت ہیں، سینیٹر سردار فتح محمد حسنی

بالاکوٹ (این این آئی) سرگرم سماجی کارکن نصیر کہوڑی نے ایک بیان میں ممتاز قبائلی رہنما و سابق سینیٹر سردار فتح محمد حسنی و صوبائی وزیر محمد عارف محمد حسنی کے گھر پر فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہماری روایت کے برخلاف ہیں اس طرح کے عمل علاقے میں موجود صدیوں سے آباد قبائل کو ایک دوسرے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان کووڈ 19 پر قومی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی کے عوام کی ترقیاتی ضروریات اور درپیش مسائل کا مکمل ادراک ہے، وزیراعظم

کراچی میں سیوریج کا نکاسی آب اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے حوالے سے جامع پلان تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت کے ساتھ تشکیل دیا جارہا ہے

کراچی پاکستان کا اہم ترین شہر ہے درپیش ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ کراچی کے عوام کی ترقیاتی ضروریات اور درپیش مسائل کا مکمل ادراک ہے، وفاقی حکومت اپنا کردار ادا کرے گی، کراچی میں سیوریج، نکاسی آب اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے حوالے سے جامع پلان، تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت کے ساتھ تشکیل دیا جارہا ہے، کراچی پاکستان کا اہم ترین شہر ہے، درپیش ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ وزیراعظم عمران خان کی زیر

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

قوم بارشوں اور سیلاب سے متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑے گی، شہباز شریف

وفاقی حکومت عوام کے ریسکیو اور ریلیف میں صوبوں کی بھرپور معاونت یقینی بنائے، صدر (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف محمد شہباز شریف نے کراچی، سندھ اور لاہور سمیت ملک کے دیگر حصوں میں طوفانی بارشوں اور سیلاب سے کے نتیجے میں جانی و مالی نقصانات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ن لیگ عوام کا اعتماد کھو چکی، کم از کم وہ صحت کے معاملے پر بھاشن نہ دے، شہباز گل

نظام صحت کو مفلوج کرنے والوں کا صحت کے حوالے سے بیان بازی کرنا مضحکہ خیز ہے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی شہباز گل نے کہا ہے کہ عوام کا اعتماد کھو چکی، (ن) لیگ کم از کم صحت کے معاملے پر بھاشن نہ دے، نظام صحت کو مفلوج کرنے والوں کا صحت کے حوالے سے بیان بازی کرنا مضحکہ خیز ہے۔ شہباز گل نے مریم اورنگزیب کے بیان

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

کراچی میں بارشیں، عوام کو ریلیف دینے کیلئے وفاق اور اداروں سے سندھ حکومت کو جو مدد چاہیے ملے گی، اسد عمر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ کراچی میں طوفانی بارشوں سے ہونے والی تباہی کے بعد عوام کو ریلیف دینے کیلئے وفاق اور اداروں سے سندھ حکومت کو جو مدد چاہیے ملے گی۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے بات کی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

اسلام آباد چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے وفاقی وزیر برائے توانائی عمر ایوب ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ژوب قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ دو افراد جاں بحق دو زخمی

ژوب (این این آئی) ژوب قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ دو افراد جاں بحق دو زخمی، لیویز کے مطابق جمعہ کو دو

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کھڈ کوچہ لیویز فورس کی کاروائی یورپ جانیوالے 17 افراد گرفتار

مستونگ (نامہ نگار) کھڈ کوچہ لیویز فورس کی کاروائی یورپ جانیوالے 17 افراد گرفتار، تفصیلات کے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

قلات میں کار الٹ گئی، ایک شخص جاں بحق، دو افراد شدید زخمی

قلات (آن لائن) قلات میں کار الٹ گئی، ایک شخص جاں بحق، دو افراد شدید زخمی، قلات ہسپتال منتقل،

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

بسیمہ کے دو مختلف حادثات میں 7 افراد زخمی ہوگئے

بسیمہ (آن لائن) بسیمہ کے دو مختلف حادثات میں 7 افراد زخمی ہوگئے اطلاعات کے مطابق بسیمہ کے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کوہاٹ، پھم فیکٹری میں مبینہ طور پر گیس لیکج کے باعث خوفناک دھماکہ، کئی مزدوروں سمیت 13 افراد لاپتہ کر دیئے

کوہاٹ (این این آئی) ضلع کرک کی تحصیل بانڈہ داؤد شاہ کے نواحی علاقے جدہ اسماعیل خیل میں پھم

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

منگلا اور تربیلا ڈیم میں پوری صلاحیت کے مطابق پانی ذخیرہ کر لیا گیا

لاہور (این این آئی) ملک کے دو بڑے آبی ذخائر منگلا اور تربیلا میں پوری صلاحیت کے مطابق پانی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

مریم نواز کیخلاف غیر قانونی اراضی منتقلی کے کیس میں نیب نے تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز کے خلاف غیر قانونی اراضی منتقلی کے کیس

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

پاک فوج کے سربراہ سے باکی فیڈریشن کے صدر کی ملاقات، کھیل کی بحالی پر بریفنگ

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے ملک میں باکی کی بہتری کے لیے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں مختلف حادثات و واقعات میں طالبعلم سمیت 7 افراد جاں بحق

حب میں لاکھڑا میں آسمانی بجلی گرنے سے طالبعلم جاں بحق ہوگیا ہے جبکہ بی محلہ قصاب میں گھر کی دیوار گرنے سے خاتون ملبے تلے دب گئی واقعہ کی اطلاع ملنے کے بعد ایدھی ایمبولینس اور ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی

5 سالہ بچی سمیت 4 افراد زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے علاقے مچھ میں آب گم کے میدانی علاقے میں مزدا اور گاڑی میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے ہیں

کوئٹہ (اندرون بلوچستان (آن لائن) بلوچستان کے مختلف اضلاع پنجگور، بی، حب، دکی، کوئٹہ اور پنجگور میں پیش آنے والے مختلف حادثات اور واقعات میں خاتون اور طالبعلم سمیت 7 افراد جاں بحق جبکہ 5 سالہ بچی سمیت 4 افراد زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے علاقے مچھ میں آب گم کے میدانی علاقے میں مزدا اور گاڑی میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے ہیں حب میں لاکھڑا میں آسمانی بجلی گرنے سے طالبعلم جاں بحق ہوگیا ہے جبکہ بی محلہ قصاب میں گھر کی دیوار گرنے سے خاتون ملبے تلے دب گئی واقعہ کی اطلاع ملنے کے بعد ایدھی ایمبولینس اور ریسکیو ٹیم موقع

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس خطرہ ابھی موجود پوری قوم کا تعاون درکار ہے، عمران خان

کراچی میں ہونیوالی تباہی اور اس کے نتیجے میں عوام کو درپیش مسائل کے حل کے سلسلے میں وفاقی حکومت صوبائی حکومت سے ہر ممکن تعاون کرے گی

کراچی کے مسائل کے حل کے لئے طویل المدتی پلان تشکیل دیا جارہا ہے، آئندہ چند روز میں خود کراچی جاکر حالات کا جائزہ لونگا، وزیراعظم کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ حکومتی کاوشوں اور حکمت عملی کی بدولت کورونا کے پھیلاؤ کو روکا گیا ہے، خطرہ ابھی موجود ہے جس کیلئے پوری قوم کا تعاون درکار ہے، محرم الحرام کے دوران کورونا کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے ماسک و دیگر احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ضروری ہے، مذہبی رہنماؤں نے کورونا کے خلاف جنگ میں جس تعاون کا مظاہرہ کیا ہے وہ لائق تحسین ہے، کراچی میں ہونے والی تباہی اور اس کے نتیجے میں عوام کو درپیش مسائل کے حل کے سلسلے میں وفاقی حکومت صوبائی حکومت سے ہر ممکن تعاون کرے گی، کراچی کے مسائل کے حل کے لئے طویل المدتی پلان تشکیل دیا جارہا ہے، آئندہ چند روز میں خود کراچی جاکر حالات کا جائزہ لونگا۔ جمعہ کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت نیشنل کوارڈینیشن کمیٹی برائے کووڈ-19 کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزراء اسد عمر، شفقت محمود، غلام سرور خان، مخدوم خسرو بختیار، محمد حماد اظہر، سید فخر امام، مشیران ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ، عبدالرزاق

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

سوات اور کوہستان میں سیلابی ریلوں نے تباہی مچادی، 23 افراد ریلے میں بہہ گئے، نو لاشیں نکال لی گئیں

مدین میں شاہ گرام اور تیرات نالے میں طغیانی سے کئی مکانات بہہ گئے، چالیس مکانات اور رابطہ پلوں کو نقصان پہنچا

دو افراد کو ریسکیو ٹیم نے بچانے کے کامیاب مہم چلا کر بچا لیا، ہیلی کاپٹر کے ذریعے ریسکیو آپریشن کا آغاز، جاں بحق

سوات/کوہستان (این این آئی) سوات اور کوہستان میں سیلابی ریلوں نے تباہی مچادی ہے، 23 افراد ریلے میں بہہ گئے جس میں سے 9 افراد کی لاشیں نکال لی گئی ہیں، دیگر کی تلاش جاری رہی۔ ڈپٹی کمشنر سوات ثاقب رضا اسلم کے مطابق مدین میں شاہ گرام

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

سردار سرفراز چاکر ڈومکی کو وزیراعلیٰ کا مشیر برائے محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی مقرر کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی سردار سرفراز چاکر ڈومکی کو وزیراعلیٰ کا مشیر برائے محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی مقرر کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق جمعہ کو بلوچستان عوامی پارٹی کے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

قبضہ مافیا کیخلاف غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیم چلانے والے تین افراد گرفتار

کریک ڈاؤن

نیب بلوچستان کا ہزاروں ایکڑ سرکاری اراضی پر ہاؤسنگ اسکیم بنانے والے قبضہ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن، غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیم چلانے والے تین افراد گرفتار

قبضہ مافیا نے کوئٹہ کے نواحی علاقے کچلاک میں غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیم بنا کر ہزاروں لوگوں کو پلاٹ فروخت کر دیئے، اعلیٰ عہدوں پر فائز افراد سمیت متعدد گرفتاریاں کی متوقع

کوئٹہ (این این آئی) قومی احتساب بیورو بلوچستان نے سرکاری اراضی پر ہاؤسنگ اسکیم بنانے والے قبضہ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیم چلانے والے تین افراد کو کوئٹہ سے گرفتار کر لیا ہے، قبضہ مافیا نے کوئٹہ کے نواحی علاقے کچلاک میں غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیم بنا کر ہزاروں لوگوں کو پلاٹ فروخت کئے، نیب بلوچستان نے ہاؤسنگ اسکیم کے دفاتر سے تمام ریکارڈ تحویل میں لے کر ملزمان کے خلاف باقاعدہ کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ زمین قبضہ مافیا کے حوالے کرنے والے سرکاری افسران و عملے کے سخت کارروائی کے لئے لائحہ عمل تیار کر لیا گیا ہے، جلد اعلیٰ عہدوں پر فائز افراد سمیت متعدد گرفتاریاں متوقع ہیں۔ کوئٹہ کے نواحی علاقے کچلاک میں لینڈ مافیا کی جانب سے سرکاری زمین پر غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیم بنانے کی اطلاعات پر دوران تحقیق انکشاف ہوا کہ میگا سٹی کچلاک اور جان ٹاؤن کچلاک اسکیم سرکاری زمینوں پر قبضہ کر کے بنائی گئی ہیں، جس

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں جائیداد پر قبضے کے خلاف بھوک ہڑتال پر بیٹھے سینیئر وکیل محمد یعقوب کی تاحال شنوائی نہ ہوسکی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں جائیداد پر قبضے کے خلاف بھوک ہڑتال پر بیٹھے سینیئر وکیل محمد یعقوب کی تاحال شنوائی نہ ہوسکی، عدالتی احکامات کے باوجود قبضہ مافیا کی جانب سے تعمیرات جاری ہیں، کوئٹہ کے ستر سالہ

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

حضرت امام حسینؓ اور انکے ساتھیوں کی عظیم قربانی کی یاد میں یوم عاشور (کل) مذہبی عقیدت و احترام سے منایا جائیگا

آٹھویں محرم الحرام کی مناسبت سے شبیہ ذوالجناح کے جلوس برآمد ہوئے، (آج) نویں اور دسویں محرم کی درمیانی شب مرکزی جلوس برآمد ہونگے

ڈبل سواری پر پابندی، جلوسوں کے روٹس اور اطراف میں موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس معطل رکھنے کا فیصلہ، سرکاری ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ

لاہور/اسلام آباد/کراچی/کوئٹہ/پشاور (این این آئی) نواسہ رسول حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے ساتھیوں کی اسلام کی سربلندی اور حق وصداقت کیلئے میدان کربلا میں دی گئی عظیم قربانی کی یاد میں یوم عاشور کل بمطابق دس محرم الحرام بروز (اتوار) کو

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

نیشنل پارٹی کا سینیٹ کے خالی ہونے والی نشست پر انتخاب میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ

نیشنل پارٹی نے اپوزیشن اور حکومتی جماعتوں کا سینیٹ کے خالی نشست پر سپورٹ کرنے کی یقین دہانی پر ان کا شکریہ ادا کیا

سینیٹ کے خالی نشست پر انتخاب میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ نیشنل پارٹی نے بزنجو خاندان کی مشاورت سے کیا

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کا سینیٹ کے خالی ہونے والی نشست پر انتخاب میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ۔ نیشنل پارٹی نے اپوزیشن اور حکومتی جماعتوں کا سینیٹ کے خالی نشست پر سپورٹ کرنے کی یقین دہانی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ نیشنل پارٹی نے سینیٹ کے خالی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

بارش متاثر عوام اور انفراسٹرکچر کو بچانے کیلئے عملی طور امدادی اقدام اٹھائے جائیں، بلاول بھٹو

سیلاب میں پھنسے ہمارے بلوچ بھائیوں و بہنوں کو مطلوب امداد فراہم کی جائے، چیئرمین پیپلز پارٹی

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بلوچستان میں بارشوں کے نتیجے میں ہونے والی تباہی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں بارش متاثر عوام اور انفراسٹرکچر کو بچانے کیلئے عملی طور امدادی اقدام اٹھائے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر ملاقات کر رہے ہیں

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہر پندرہ دن بعد ردوبدل کیا جائیگا، ندیم بابر

آئندہ ماہ سے صرف یورو فائیو سٹینڈرڈ پیٹرول درآمد کیا جائے گا، معاون خصوصی برائے پیٹرولیم

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے پیٹرولیم ندیم بابر نے کہا ہے کہ حکومت نے صارفین کی سہولت کیلئے تیل کی قیمتوں کی پالیسی میں

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر







روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

29 اگست 2020ء

حکومتی کاوشیں رائیگاں جارہی ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال صوبہ کی ترقی کیلئے دن رات کام کررہے ہیں۔ انھوں نے بلوچستان میں ملکی اور غیر ملکی سرمائیہ کاری لانے کیلئے جامع حکمت عملی برعملدرآمد کا آغاز کیا ہے۔ اس سلسلے میں صوبے میں موجود گرانقدر وسائل سرمائیہ کاری کے مواقع اور حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی ضروری سہولتوں سے آگاہی اور شعور اجاگر کرنے کی غرض سے صوبائی حکومت نے وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں ایک مرکز قائم کردیا ہے اور بتایا جارہا ہے کہ اس کے بعد گوادر اور کراچی میں ہی دفاتر قائم کیئے جائیں گے۔ اس میں شبہ نہیں کہ بلوچستان قدرتی وسائل اور معدنی ذخائر سے مالا مال صوبہ ہے۔ اسکے ساحلی علاقے کو بہتر محل وقوع اور خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ یہ بھی درست ہے کہ موجودہ حکومت صوبہ کے وسائل کے برائے کار لانے کے لیئے سرمائیہ کاروں کو راغب کرنے کی غرض سے انفرادسٹرکچر اور ضروری سہولتوں کا فراہمی کے لئے دن رات کام کررہی ہے۔ وزیراعلیٰ جام کمال کی ذاتی دلچسپی اور کاوشوں کے باعث سی پیک کے تحت متعدد منصوبوں پر کام کا آغاز کیا جاچکا ہے۔ بوستان اور حب میں اسپیشل اکنامک زون کی تعمیر کی منظوری دی جاچکی ہے۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے صوبے میں بڑے پیمانے ہر روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ تاہم وزیراعلیٰ بلوچستان کو اس بارے میں بھی سنجیدگی سے غور کرنا جائے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے کروڑوں روپے خرچ کیئے جانے کے باوجود حکومت منصوبہ بندی اقدامات بلوچستان کے سائل وسائل کو اجاگر کرنے کے لیئے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کی خدمات سے بامعنی استفادہ نہیں کیا جارہا۔ اس کی اصل وجہ حکومتی میڈیا منیجرز کی نااہلی ہے۔ اس بات کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے کہ اشتہارات کی مد میں حکومت جو کثیر رقم خرچ کررہی ہے وہ حکومتی پالیسیوں اور میرٹ کے مطابق استعمال بھی کی جارہی ہیں یا نہیں۔ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ بلوچستان کے حقیقی اخبارات کا معاشی قتل جاری ہے۔ حکومت اس بارے میں سنجیدگی سے غور کرنا پڑے گا۔

اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

شہادت امام حسینؓ وہ دلخراش واقعہ ہے جو 61ویں ہجری کو کربلا کی سرزمین پر رونما ہوا جس میں فرزند رسول حضرت امام حسین علیہ السلام کو تین دن کی بھوک اور پیاس کی حالت میں شہید کیا گیا۔ یہ سانحہ یزید بن معاویہ جیسے فاسق وفاجر شخص کی طرف سے بیعت لینے اور حضرت امام حسینؓ کے انکار بیعت اور اسلام کے اہم ترین بنیادی اصول امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے فریضے پر عمل کے نتیجے میں پیش آیا۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کا واقعہ تاریخ اسلام کا کوئی معمولی واقعہ نہ تھا بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان اقدس سے آپ کی شہادت کی خبر کئی دفعہ اصحاب نے سنی۔ اس شہادت کی روایات اہل سنت اور شیعہ کے تمام اہم مصادر میں پائی جاتی ہیں یہاںتک کہ اہل سنت کے نزدیک معتبر ترین مصادر صحاح ستہ اور شیعہ حضرات کی کتب اربع میں ان کا ذکر موجود ہے۔ تاریخ انسانی کی دو قربانیاں پوری تاریخ میں منفرد مقام اور نہایت عظمت واہمیت کی حامل ہیں، ایک امام الانبیاء، سید المرسلین، خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ، احمد مجتبیٰ ﷺ کے جد اعلیٰ، حضرت ابراہیمؑ واسمٰعیلؑ کی قربانی اور دوسری نواسہ رسول، جگر گوشہ علیؓ و بتولؓ شہید کربلا حضرت امام حسینؓ کی قربانی۔ دونوں قربانیوں کا پس منظر غیبی اشارہ اور ایک خواب تھا، دونوں نے سر تسلیم خم کیا اور یوں خواب کی تعبیر میں ایک عظیم قربانی وجود میں آئی۔ حضرت ابراہیمؑ کے خواب کی تعبیر دس ذی الحجہ کو پوری ہوئی اور سیدنا حسینؓ کا خواب دس محرم 61ھ کو تعبیر آشنا ہوا، دونوں خوابوں کی تعبیر قربانی تھی، دس ذی الحجہ کو منیٰ میں یہ خواب اپنے ظاہر میں رُونما ہوا اور دس محرم کو سرزمین کربلا پر اپنی باطنی حقیقت کے ساتھ جلوہ گر ہوا۔ یوں باپ نے جس طرز قربانی کا آغاز کیا تھا، تسلیم ورضا اور صبر ووفا کے پیکر، فرزند نے پوری تابانیوں کے ساتھ اس عظیم سنت کو مکمل کیا۔ حضرت اسماعیلؑ سے جس سنت کی ابتدا ہوئی تھی، سیدنا حسینؓ پر اس کی انتہا ہوئی۔

تاریخ انسانی کی دو قربانیاں پوری تاریخ میں منفرد مقام اور نہایت عظمت واہمیت کی حامل ہیں، ایک امام الانبیاء، سید المرسلین، خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ، احمد مجتبیٰ ﷺ کے جد اعلیٰ، حضرت ابراہیمؑ واسمٰعیلؑ کی قربانی اور دوسری نواسہ رسول، جگر گوشہ علیؓ و بتولؓ شہید کربلا حضرت امام حسینؓ کی قربانی۔ دونوں قربانیوں کا پس منظر غیبی اشارہ اور ایک خواب تھا، دونوں نے سر تسلیم خم کیا اور یوں خواب کی تعبیر میں ایک عظیم قربانی وجود میں آئی۔ حضرت ابراہیمؑ کے خواب کی تعبیر دس ذی الحجہ کو پوری ہوئی اور سیدنا حسینؓ کا خواب دس محرم 61ھ کو تعبیر آشنا ہوا، دونوں خوابوں کی تعبیر قربانی تھی، دس ذی الحجہ کو منیٰ میں یہ خواب اپنے ظاہر میں رُونما ہوا اور دس محرم کو سرزمین کربلا پر اپنی باطنی حقیقت کے ساتھ جلوہ گر ہوا۔ یوں باپ نے جس طرز قربانی کا آغاز کیا تھا، تسلیم ورضا اور صبر ووفا کے پیکر، فرزند نے پوری تابانیوں کے ساتھ اس عظیم سنت کو مکمل کیا۔ حضرت اسماعیلؑ سے جس سنت کی ابتدا ہوئی تھی، سیدنا حسینؓ پر اس کی انتہا ہوئی۔ سیدنا ابراہیمؑ واسماعیلؑ اور حضرت حسینؓ کی قربانیوں میں یہی جذبہ عشق ومحبت کارفرما تھا۔ اسی لیے یہ قربانیاں آج تک زندہ ہیں اور قیامت تک زندہ رہیں گی۔ نواسہ رسولؐ، جگر گوشہ علیؓ و بتولؓ، سید شباب اہل الجنۃ ریحانۃ النبی شہید کربلا سیدنا حسین ابن علیؓ، ہاشمی ومطلبی کی ذات گرامی اسلامی تاریخ میں حق وصداقت، جرأت وشجاعت، عزم واستقلال، ایمان وعمل، ایثار وقربانی، تسلیم ورضا، اطاعت ربانی، عشق ووفا اور صبر ورضا کی وہ بے مثال داستان ہے، جو ایک منفرد مقام اور تاریخ ساز اہمیت کی حامل ہے۔ یہ ایک ابدی حقیقت ہے کہ حق اور باطل، اسلام اور کفر کی معرکہ آرائی روز اوّل سے جاری ہے اور روز آخر تک جاری رہے گی۔ حق کی بقا، اسلام کی سربلندی اور دین کی بالادستی، قدرت کا اٹل اور ابدی فیصلہ ہے، جب کہ طاغوتی اور ابلیسی قوتوں کی سرکوبی اور ان کا زوال آئین فطرت ہے۔ حق کی سربلندی اور دین کی عظمت وبقا کے لیے جدوجہد اور جہاد اُسوۂ پیمبری اور انسانی ضمیر کے زندہ ہونے کی علامت ہے۔ سرکار دو جہاں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے: ''سلطان جائر (ظالم وجابر بادشاہ اور ان اوصاف کے حامل حاکم وقت) کے خلاف کلمہ حق بلند کرنا سب سے بڑا جہاد ہے۔''

سیاسی ہلچل (آخری قسط)

کے اختیارات بھی نہیں رکھتے۔ پھر کھاری موصوف نے کن ''لامحدود اختیارات'' کی بات کی ہے۔

پروفیسر رفعت مظہر

موصوف نے لکھا ''جہاں تک بات ہے نیب میں کیے جانے والے سوالوں کی تو وزیراعلیٰ نے سابق وزیراعلیٰ کی طرح وہاں جاکر سوال گندم جواب چنا کی حکمت عملی نہیں اپنائی بلکہ سوالنامے پر دلائل سمیت جوابات جمع کروائے''۔ حقیقت مگر یہ ہے کہ بزدار صاحب کے پاس تقریباً تمام سوالات کا ایک ہی جواب تھا ''مجھے نہیں معلوم۔۔۔۔ مجھے یاد نہیں''۔ اب نیب نہ صرف بزدار صاحب کے اثاثوں کی جانچ پڑتال کررہی ہے بلکہ اُن کے 2 سالہ دور میں دیئے جانے والے ٹھیکوں اور ملازمتوں کا حساب بھی مانگ رہی ہے۔ آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا۔ رہا اپوزیشن کا سوال تو حقیقت یہی کہ تحریک انصاف کو سرے سے کسی اپوزیشن کا سامنا کرنا ہی نہیں پڑا۔ اپوزیشن کی دو بڑی جماعتیں، پیپلز پارٹی اور نواز لیگ مولانا فضل الرحمٰن کی شدید خواہش کے باوجود بھی کسی ایک نکتے پر متفق نہیں ہوسکیں۔ میاں شہباز شریف کی مفاہمتی سیاست نے نواز لیگ کو میدان سیاست میں بہت دھچکا پہنچایا اور مخالفین بھی سرِعام کہنے لگے کہ نواز لیگ کی سیاست کا خاتمہ ہوچکا۔ شاید اسی وجہ سے لندن میں بیٹھے بیمار میاں نواز شریف نے سیاست میں دوبارہ ''اِن'' ہونے کا فیصلہ کیا جس کی ایک جھلک مریم نواز کی نیب میں پیشی کی صورت میں سامنے آئی۔ منگل 11 اگست کو مریم نواز کو نیب لاہور نے رائیونڈ اراضی کیس کے سلسلے میں پیشی کے لیے بلایا۔ مسلم لیگ نواز کے دو کارکن جو میاں شہباز شریف کی مفاہمتی سیاست کے ہاتھوں مایوسیوں کا شکار تھے، بغیر کسی کال کے باہر نکلے اور مریم نواز کے نیب دفتر پہنچنے سے پہلے ہی نون لیگ کے کارکنوں اور پولیس اہلکاروں کے درمیان تصادم ہوا، پتھر برسائے گئے، آنسو گیس کی شیلنگ کی گئی اور لاٹھی چارج بھی ہوا۔ مریم نواز کے پہنچنے پر وہ جگہ میدان جنگ بن گئی۔ مریم نواز کی گاڑی پر شدید پتھراؤ ہوا اور گاڑی کی ونڈ سکرین ٹوٹ گئی۔ مریم نواز نے بعد ازاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اُن کی گاڑی بلٹ پروف تھی جس کی ونڈ سکرین پتھروں سے نہیں ٹوٹ سکتی اس لیے اس معاملے کی تحقیقات کروائی جائے۔ ہنگامہ آرائی کے دوران نیب نے مریم نواز کی پیشی معطل کردی لیکن وہ تصادم کے بعد بھی کافی دیر تک نیب دفتر کے باہر موجود رہیں۔ اُن کا مؤقف تھا کہ اگر انہیں بلایا گیا ہے تو بلا بھی جائے۔ اس ہنگامہ آرائی کے بعد سیاسی جمود اچانک ٹوٹ گیا اور ایک سیاسی ہنگامہ کھڑا ہوگیا۔ اس ہنگامے کے بعد یہ تاثر بھی ختم ہوگیا کہ نواز لیگ کا ووٹر کسی احتجاجی مہم یا دھرنوں کا قائل ہے نہ ڈنڈے کھانے اور جیل جانے کا متحمل ہو سکتا ہے۔ معروف صحافی اور تجزیہ کار سہیل وڑائچ نے کہا کہ سیاسی اور انتظامی، دونوں صورتوں میں اس کا فائدہ نواز لیگ کو ہوگا۔ یہ بھی سمجھا جارہا تھا کہ نواز شریف کے جانے کے بعد اُن کی جماعت کا اصل بیانیہ مفاہمت کا ہے یعنی نواز شریف کا بیانیہ کہیں کھو گیا۔ مریم نواز نے اسی بیانیے کی بات بھی کی اور اظہار بھی کیا۔ سہیل وڑائچ کا کہنا تھا کہ سیاسی طور پر نون لیگ کی جیت ہوئی اور انتظامی طور پر انتظامیہ کو شکست ہوئی۔ اُدھر لندن میں بیٹھے میاں نواز شریف جوں ہی متحرک ہوئے، تحریکی حلقوں میں ہلچل مچ گئی۔ وزیراطلاعات شبلی فراز، جن کے بارے میں عام تاثر یہی تھا کہ وہ احمد فراز کے بیٹے ہیں اس لیے زبان سنبھال کر ہی بات کریں گے، وہ بھی میاں نواز شریف کے خلاف آگ اُگلتے اور انہیں واپس لانے کی دھمکیاں دیتے نظر آئے۔ وزیراعظم کے معاونِ خصوصی برائے سیاسی روابط شہباز گل نے کہا کہ نواز شریف خود نہیں آئیں گے، انہیں لانا ہوگا۔ وزیراعظم کے معاونین اور مشیران کی تھلمائی زبانوں پر اب صرف میاں نواز شریف کو لندن سے واپس لانے کا ورد ہے، سوال مگر یہ کہ کیسے؟۔ بہرحال میاں صاحب لندن سے واپس آتے ہیں یا نہیں، سیاسی ہلچل تو شروع ہوچکی اور قوم کو 10 محرم کے بعد اس ہلچل میں عروج بھی دکھائی دے گا۔

☆☆☆☆☆

کائنات کی بنیاد

عرب وعجم کی باہمی مخاصمت کی شدت اور گہرائی تو اپنی جگہ مسلمہ ہے لیکن اس کے باوجود سعودی عرب سے

طارق حسین بٹ شان

مسلمانوں کی عقیدت ہمیشہ کی طرح مسلمہ ہے کیونکہ وہاں پر دو ایسی مقدس عبادت گاہیں جن کے اندر ہر مسلمان کا دل اٹکا ہوا ہے۔ مذہبی عقیدت میں ذاتی عظمت، انا پرستی، فرقہ بندی اور قومی عصبیت کا کہیں کوئی شائبہ نہیں ہوتا۔ وہ جو عربوں سے مخاصمت رکھتے ہیں اور وہ جو عربوں کو عزیز گردانتے ہیں محبت کے میدان میں دونوں یک رنگ نظر آتے ہیں۔ سعودی عرب کو جس عظیم شرف سے سرفراز کیا گیا ہے وہی سب کی محبت کی بنیاد ہے۔ خشیتِ انسان تو رب کعبہ کے ماننے والوں سے پوری کائنات بھری پڑی ہے لہٰذا کائنات کی ادنیٰ سے ادنیٰ اور اعلیٰ سے اعلیٰ شے اسی رب کعبہ سے مدد واعانت کی طلب گار ہے۔ شرک وبت پرستی کے پالے ہوئے افراد بھی اللہ ہی کی ذات کو حاجات کی برومندی کا محور قرار دیتے ہیں حتیٰ کہ اس میں کافر وزندیق کی بھی کوئی تفریق نہیں ہے۔ یہ الگ بات کہ انھوں نے ایک کی بجائے کئی خدا تراش رکھے ہوتے ہیں لیکن پھر بھی ان کے ہاں بھی بالواسطہ پوجا کا محور خدا کی ذات ہی ہوتی ہے۔ وہ اپنی سمجھ کے مطابق خدا سے ہی لو لگائے ہوتے ہیں تاآنکہ خواہر پرستی کی جبلت انھیں اصنام پرستی کی جانب دھکیل دیتی ہے اور یوں بت پرستی کا روگ ان کی زندگی کا جزو بن جاتا ہے۔

کسی زمانے میں یونان، مصر، حجاز، ہندوستان اور بابل ونینوا اس بت پرستی کی آماجگاہ تھے۔ ان کے ہاں جگہ جگہ پتھر کے بت گھڑے ہوتے تھے جن کے سامنے وہ اپنی دلی مرادوں کی برومندی کی خاطر جھکتے تھے۔ اسلام کی آمد سے دنیا کے دوسرے خطوں سے تو بت پرستی کی لعنت کا خاتمہ ہوگیا لیکن بھارت آج بھی بت پرستی کی لعنت میں مبتلا ہے۔ وہ اسے خدائی مذہب کا نام دے کر اس سے چمٹا ہوا ہے۔ توحید پرستوں سے بھارت کی کھلی جنگ کے پس پردہ بت پرستی کی یہی ابلیسانہ سوچ ہے جو انھیں چین سے بیٹھنے نہیں دیتی لہٰذا وہ صبح وشام توحیدی سوچ کو ملیامیٹ کرنے کی خاطر ریاستی طاقت کے استعمال سے دریغ نہیں کرتے۔ ان کی سوچ، ان کا راستہ، ان کا طریقہ اور ان کا عمل بالکل غلط ہے۔ وہ جس خدا کو خوش کرنے کیلئے اتنے پاپڑ بیل رہے ہیں اسی خدا نے تو بت پرستی کو حرام قرار دے رکھا ہے لیکن اتنی چھوٹی سی بات ان کی سمجھ میں نہیں آتی۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو پھر سرکار دو عالم اپنے دستِ مبارک سے خانہ کعبہ میں رکھے ہوئے ۳۶۰ بتوں کو زمین بوس کیوں کرتے۔ بتوں کو گرانا حکم خداوندی تھا جو سرکار دو عالم کے ہاتھوں پایہ تکمیل کو پہنچا۔ اسلام نے تو بتوں کے سامنے جھکنے کو انسانیت کی تذلیل سے تعبیر کرکے ان کے خاتمہ کا اعلان کر رکھا ہے۔

اکرمنا بنی آدم کا مفہوم یہی ہے کہ انسان صرف رب کعبہ کے سامنے ہی جھک سکتا ہے۔ کسی تراشیدہ ومورتی کو خدا کہنا توہین خدا ہے۔ (جاری ہے)

عاشق اور عشق رسول ﷺ

سچ ہے جس دل میں عشق رسول ﷺ موجزن ہوجائے دنیا کی ہر چیز اس کے آگے ہیچ ہوجاتی ہے مولانا ظفر احمد عثمانی معروف عالم دین تھے وہ ایسے دور میں ہندوستان سے حج کرنے کے لئے حجاز

مقدس گئے تھے، جب لوگ بحری جہازوں میں سفر کر کے حج کا فریضہ ادا کرنے جاتے تھے۔ انہوں نے حج سے واپسی پر انہوں نے یہ واقعہ تحریر کیا وہ اکثر کہا کرتے تھے میں ساری زندگی کسی سے لاجواب نہیں ہوا لیکن ایک واقعہ ایسا ہوا کہ مجھے کوئی جواب نہیں سوجھا جیسے زبان گنگ ہوگئی ہو سوائے ایک موقع پر جب ہم حج کرنے (کے دوران) مدینہ طیبہ گئے تو اس وقت مسجد نبوی ﷺ سے ملحقہ ایک جگہ اپنا خیمہ لگایا اور وہاں رہائش رکھی اور ادھر سے ہی مسجد نبوی ﷺ میں آ جاتے، چونکہ شدید گرمیوں کا موسم تھا۔ جب ہم تمام حاجی اکٹھے ہو کر شام کا کھانا کھاتے تو اس وقت وہاں سے گرم موسم کی وجہ سے تربوز خرید لیتے اور کھانے کے بعد اسے کھاتے اور اس کے چھلکے باہر پھینک دیتے۔ اس دوران ہم نے کیا دیکھا کہ ایک سات آٹھ سالہ بچہ آتا اور چھلکوں کے ڈھیر میں سے چھلکے اٹھاتا، جو بھی سرخی مائل گری رہ جاتی، اسے کرید کرید کر کھا لیتا۔ جب یہ معمول دو روز تک دیکھا تو میں نے پیار سے اس بچے سے پوچھ لیا کہ بیٹے تم ایسا کیوں کرتے ہو؟ تو بچے نے کہا میں ایک یتیم بچہ ہوں، میرے والد فوت ہو چکے ہیں۔ میری والدہ نے عقد ثانی کر لیا ہے۔ گھر میں غربت اور فاقے ہیں، میں مدینے کا بچہ ہوں اور میزبان ہونے کی حیثیت سے مہمانوں سے مانگتے شرم آتی ہے۔ لہٰذا میں اس بچی کھچی گری سے پیٹ بھر لیتا ہوں۔ مولانا ظفر احمد عثمانی لکھتے ہیں کہ مدینے کے بچے کی اس فہم وفراست نے ہمارے رونگٹے کھڑے کر دیئے۔ آنکھیں آنسوؤں سے بھیگ گئیں۔ بچے سے کہا کہ بیٹا اگر آپ مناسب سمجھو تو آپ ہمارے ساتھ آ کر کھانا کھا لیا کرو۔ بچہ انکاری تھا مگر ہمارے پیار بھرے بھرپور اصرار پر ہاں کر دی۔ مدینے کا یہ بچہ روز آ جاتا، ہمارے ساتھ کھانا کھاتا۔ آہستہ آہستہ شناسائی بڑھتی گئی۔ بچے سے انس ومحبت پروان چڑھا تو میں نے بچے کو پیشکش کر دی کہ بیٹا آپ میرے ساتھ ہندوستان آ جاؤ۔ میں وہاں آپ کو درس میں رکھ کر پڑھاؤں گا۔ کالج اور یونیورسٹی کی سطح تک آپ کی تعلیم کا بندوبست کروں گا، تو بچے نے کہا کہ میں اپنی والدہ سے بات کر کے آپ کو آگاہ کروں گا۔ جب ہماری واپسی کا وقت آ گیا تو وہ بچہ اپنی والدہ سے اجازت لے کر سامان سفر باندھ کر آ گیا۔ ہمیں بڑی خوشی ہوئی۔ بچے کو ساتھ لیا، بچہ قافلے کے ہمراہ چل رہا تھا تو دوران سفر میرے ساتھ محو گفتگو تھا اور سوال پر سوال کر رہا تھا کہ چاچا جی وہاں ہندوستان میں سکول اچھے ہیں؟ میں نے کہا کہ بیٹا بہت اچھے ہیں۔ وہاں مجھے اچھے کپڑے پہننے کو ملیں گے؟ میں نے کہا کہ ہاں بیٹا۔ اس نے پوچھا کہ مجھے وہاں فٹ بال کھیلنے کے گراؤنڈ میسر آئیں گے؟ جی ہاں بیٹا ہندوستان میں فٹ بال کھیلا جاتا ہے۔ بچے نے کہا کہ مجھے وہاں طرح طرح کے معیاری کھانے اور اچھی رہائش ملے گی؟ میں نے کہا کہ کیوں نہیں بیٹا یہ سب سہولتیں آپ کو ملیں گی۔ اس دوران چلتے چلتے سامنے گنبد خضریٰ نظر آ گیا بچے کی نظر پڑی تو سوال کر دیا کہ چاچا جی یہ سامنے والا گنبد بھی وہاں ہوگا؟ میرے پاؤں سے زمین نکل گئی۔ بچے کے اس سوال نے مجھے لاجواب کر دیا اور میں نے تڑپ کر کہا کہ بیٹا اگر یہ گنبد وہاں مل جاتا تو مجھے یہاں آنے کی کیا ضرورت تھی؟ بچے نے میرا جواب سنا تو تیزی سے اپنا ہاتھ چھڑایا اور کہا: ''چاچا جی مفلسی، بے بسی اور یتیمی قبول ہے۔ مگر سرکار مدینہ ﷺ کا دامن چھوڑنا کسی صورت گوارا نہیں۔ میں مدینے کو کس صورت نہیں چھوڑ سکتا۔'' آپ جائیں میں نہیں جاؤں گا

مولانا ظفر احمد عثمانی لکھتے ہیں کہ بچہ ہمیں روتے ہوئے دم بخود چھوڑ کر بھاگا اور نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ مولانا ظفر احمد عثمانی باقی ماندہ زندگی، یہ واقعہ لوگوں کو سناسنا کر روتے رہے۔

تلہ گنگ کا اعزاز

یہ بڑی خوش آئیند بات ہے کہ حلہ گنگ ادبی، تاریخی اور تحقیقی کام میں سنجیدگی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ کچھ احباب کی کتابیں پرنٹ ہو کر آ چکی

محمد فاروق خان

ہیں اور کچھ تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں جو بہت جلد آسمان ادب پر شفق بکھیرنے والی ہیں۔ ڈیجیٹل عہد میں کتاب لانا بڑے حوصلے اور اخراجات کی بات ہے لیکن پھر بھی کتاب اپنی ضرورت و اہمیت کو برقرار رکھے ہوئے ہے۔ اب مرحلہ فکر ہے کہ تاریخ کے ساتھ جغرافیہ کیوں ہم آہنگ ہوتا ہے؟ جہاں تاریخ بدلتی ہے وہاں کا جغرافیہ بھی بدل جاتا ہے۔ اس لیئے تاریخ سے وابستگی ضروری ہے۔ تاریخ آمدہ نسلوں کی امانت اور میراث ہوتی ہے جس سے وہ رہنمائی اور آگاہی حاصل کرتے ہیں۔ زمانہ جتنی شکلیں بدلے، ٹیکنالوجی جتنے روپ دھارے کتاب نے ہر دور میں اہم رہنا ہے کیونکہ کتاب کی نسبت ہی کتاب لاریب سے ہے۔ کتاب لاریب کا تا قیامت رہنے کا مطلب یہی ہے کہ کتاب نے موجود رہنا ہے۔

ہم Think and Done کے تیز ترین عہد سے گزر رہے ہیں۔ آئے روز حضرت انسان ٹیکنالوجی کے حصار میں بے بس ہوتا جا رہا ہے۔ ٹیکنالوجی ہمیں مستفید بھی کر رہی ہے اور ستاروں پہ کمند ڈالنے میں معاون بھی ہے۔ لیکن ٹیکنالوجی والے کہیں کہیں من مرضی کرتے بھی نظر آتے ہیں۔ گوگل اور دیگر سرچ انجن کا مشاہدہ کرنے والوں کے علم میں ہے کہ آئیندہ کیا ہونے جا رہا ہے۔ پوری دنیا سرچ انجن کے ذریعے انفارمیشن حاصل کر رہی ہے۔ لیکن سرچ انجن والوں کے اختیار میں ہے کہ انہوں نے کونسی معلومات سامنے لانی ہیں اور کونسی انفارمیشن کو روکنا ہے۔ مستقبل قریب میں اس بات کا قوی امکان موجود ہے کی اُمت مسلمہ کے مذہبی اور تاریخی حوالے نایاب ہوتے جائیں، تاریخ کو مسخ اور متنازعہ کر کے پیش کیا جائے۔ اس تناظر میں کتاب ہی وہ واحد ذریعہ ہوگی جس سے ہم مذہبی اثاثے اور تاریخی ورثے محفوظ رکھ سکیں گے۔ کتاب کی اہمیت اور ضرورت بڑھتے جا رہی ہے۔

تحقیقی کام میں تاریخی مستند حوالوں کو اکٹھا کرنے سے لیکر اس مواد کی ترتیب اور پھر اسے تاریخی ڈاکومنٹ بنانے کے لیئے کتابی شکل دینا، اشاعت کا مرحلہ اور پھر اسکی ترسیل بڑے کٹھن مراحل ہوتے ہیں جن سے محقق کو گزرنا پڑتا ہے۔ سفری صعوبتیں برداشت کرنا پڑتی ہیں۔ اس کے علاوہ صاحب کتاب کی نجی زندگی اور معاشی معاملات بھی متاثر ہوتے ہیں۔

مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری انفارمیشن ڈاکٹر محمد عمر فاروق حلہ گنگ کے معروف کالم نگار ہیں جن کے آرٹیکلز قومی اخبارات کی زینت بنتے رہتے ہیں اور وہ عوام کی ذہن سازی اور رہنمائی کا فرض نبھاتے رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ دو کتابوں کے مصنف بھی ہیں۔ ان کی پہلی کتاب (مولانا گل شیر شہید سوانح و خدمات) اور دوسری کتاب (آزادی کی انقلابی تحریک) شائع ہو چکی ہیں۔ محقق ڈاکٹر محمد عمر فاروق اس کتاب کے ذریعے اُس تاریخی جدوجہد کو منظر پر لانے کے متمنی نظر آتے ہیں جن کے شواہد معدوم ہو گئے یا کچھ احباب نے تحقیقی کام کیا تو تحریک کے بہت سارے پہلوؤں کو اجاگر نہیں کیا جا سکا یوں تحقیقی کام میں تشنگی برقرار رہی۔

مجلس احرار اسلام کے قیام 1929 سے تقسیم ہند 1947 تک احرار کا وہ تمام تاریخی ریکارڈ جو اخبارات و رسائل، کتابچوں، سرکلرز اور کارروائی کے رجسٹروں کی شکل میں موجود تھا ہجرت کے ہنگاموں کے باعث ضائع ہوگیا۔ جو دستاویزات احرار کے مرکزی دفتر لاہور میں محفوظ تھیں تحریک تحفظ ختم نبوت 1953 اور پھر 1958 کے ایوبی دور میں پولیس کے چھاپوں اور ضبطیوں کی نذر ہوگئیں جو چیزیں سرکاری اہلکاروں کی دسترس سے بچ گئیں وہ بعض مہربانوں کی ملکیت میں آئیں اور ذاتی کتب خانوں کا حصہ بن کر ناقابل استفادہ ہوگئیں۔ ان مایوس کن حالات میں جن حضرات نے بھی تحریک تحفظ ختم نبوت میں احرار کی خدمات کو مدون کرنے کی کوشش کی، وہ بھی بنیادی ماخذ اور مصادر کی عدم دستیابی کی وجہ سے اپنی کوششوں میں پوری طرح کامیاب نہ ہو سکے۔ اس طرح احرار کی تاریخی مساعی و بے نظیر جدوجہد اپنی تابناکی کے باوصف اور عوام کے دل وذہن میں زندہ ہونے کے باوجود کتابی شکل ترتیب نہ پا سکی اس کے باوجود ماسٹر تاج الدین انصاری کی کتاب تحریک ختم نبوت اور مولانا عنایت اللہ چشتی کی تالیف مشاہدات قادیان غنیمت ہیں جن میں تاریخی یادداشتوں کا ایک بہترین خاکہ موجود ہے۔

حالیہ کتاب (تحفظ ختم نبوت 1931-1946) جس میں مجلس احرار پاکستان کی سیاسی جدوجہد کی تاریخ کو اُجاگر کیا گیا ہے۔ یہی اس کتاب اور تحقیق کا انفرادی پہلو ہے۔ پہلی جلد 402 موضوعات کے ساتھ 572 صفحات پر مشتمل ہے۔ اس کی اگلی جلدیں 1947 کے واقعات سے شروع ہوں گی اور 2019 تک کے حالات وواقعات کا احاطہ کریں گی جن پر کام جاری ہے۔ امیر شریعت سید عطاء المہیمن بخاری اور نائب امیر مجلس احرار پاکستان نے کتاب میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اور ڈاکٹر عمر فاروق کے اس تحقیقی اور تاریخی کام کو سراہا ہے۔ کتاب خوبصورت پرنٹنگ، دیدہ زیب ٹائیٹل اور جدید بائینڈنگ کے علاوہ ڈاکٹر عمر فاروق کی منفرد طرز تحریر اور دلکش الفاظ کے پیرایے نے تاریخی کتاب کو ادب رنگ کر دیا ہے۔ پڑھنے والوں کو اس کتاب میں جابجا ادب کے دھنک رنگ بکھرے نظر آئیں گے۔ ڈاکٹر عمر فاروق نے اپنی زندگی کے خوبصورت اور قیمتی 10 سال اس تحقیقی اور تاریخی کام کے لیئے مختص کیئے اللہ تعالیٰ ان کی کاوشوں کو ثمر بار فرمائے۔

تحریک تحفظ ختم نبوت کے اس محقق کی نسبت حلہ گنگ کی دھرتی سے ہونا بڑے اعزاز کی بات ہے۔ حلہ گنگ کے صاحب علم ودانش ڈاکٹر عمر فاروق سے ملاقات کر کے اُن کی تاریخی اور تحقیقی کاوشوں کو داد تحسین پیش کر رہے ہیں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

ONLINE

مشکل کی اس گھڑی میں کراچی کی عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ مراد علی شاہ

غازی ارطغرلؒ اور خلافتِ عثمانیہ

غازی ارطغرلؒ نامی ڈرامہ سیریل نے پاکستان میں کامیابی کے جھنڈے گاڑ دیئے ہیں چار سو اسی ڈرامے کے چرچے ہیں ترکی میں بننے

والے غازی ارطغرل نامی ڈرامہ کو قومی زبان میں ڈب کر کے پی ٹی وی پر دکھایا جارہا ہے یہ اس وقت پاکستان میں سب سے زیادہ دیکھا جانے والا ٹی وی ڈرامہ ہے اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ اس سے مسلمانوں کی نشاط ثانیہ کو اجاگر ہورہی ہے اہل وطن کا لہو بھی ذوق یقیں سے گرم ہورہا ہے یہ ڈرامہ وہی جذبات ابھار رہا ہے جو کبھی نسیم حجازی کے تاریخی ناول پڑھ کر دلوں میں جوش وجذبہ ٹھاٹھیں مارتا ہوا محسوس ہوتا تھا۔ تاریخی اعتبار سے ارتغلؒ غازی خلافت عثمانیہ کے بانی ہے جی ہاں وہی خلافت عثمانیہ جس کی بحالی کے لئے قیام پاکستان سے بیشتر تحریک خلافت چلائی گئی تھی خلافت عثمانیہ کئی براعظموں پر محیط تھی انگریزوں نے ایک سازش کے تحت مسلمانوں کو کمزور کرنے کیلئے خلافت عثمانیہ کو ختم کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا اس میں ''اپنوں'' کا کردار بھی بڑا بھیانک اور خوفناک ہے تاریخی اعتبار سے خلفاء راشدین کے بعد حضرت امیر معاویہؓ کا دور سب سے مستحکم رہا ان کے خصوص اور انقلابی اقدامات نے ایک جدید ریاست کے تصور کو اجاگر کیا دنیا میں پہلا بحری بیڑہ بھی

شال بقیہ 1

کے اسکولوں اور دینی مدارس کے نمائندوں پر مشتمل اسٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، سرکاری اسکولوں میں کورونا وائرس کی حفاظتی تدابیر کی ایس او پیز سے متعلق اساتذہ کو تربیت فراہم کی گئی ہے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں نجی شعبہ کی نسبت بچوں کی تعلیم کا زیادہ انحصار سرکاری اسکولوں پر ہے جہاں بچوں کی بہت بڑی تعداد زیر تعلیم ہے، وزیراعلیٰ نے دیگر صوبوں اور اسلام آباد کے تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم بلوچستان کے طلباء کو آن لائن کلاسز کے حوالے سے درپیش مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ہوسٹلوں کی بندش کی باعث بلوچستان کے طلباء اپنے اپنے علاقوں میں واپس آئے ہیں جو بلوچستان میں انٹرنیٹ کی سہولت محدود ہونے کی وجہ سے آن لائن کلاسز سے استفادہ نہیں کر سکے ہیں، کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال کے حوالے سے وزیراعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان میں وائرس سے متعلق لوگوں کی سوچ مختلف ہے اور وائرس کے پھیلاؤ میں کمی آنے کے بعد لوگ احتیاطی تدابیر کو زیادہ سنجیدگی سے نہیں لے رہے تاہم صوبائی حکومت عوام میں احتیاطی تدابیر کو اجاگر کرنے اور ان پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔

شال بقیہ 2

علی رضی، احمد نواز بلوچ، ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان ارباب طاہر ایڈووکیٹ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ منصوبہ بندی و ترقیاتی عبدالرحمن بزدار، عبداللہ خان سمیت دیگر عدالت میں پیش ہوئے اور اپنے حتمی دلائل دیئے۔ رکن صوبائی اسمبلی ثنا بلوچ نے دوران سماعت موقف اختیار کیا کہ پی ایس ڈی پی ابہام سے بھرپور ہے اس کے ہر صفحے پر غلطیاں ہیں پی ایس ڈی پی میں عدالتی احکامات، پلاننگ کمیشن کے قوانین، پائیدار ترقیاتی اہداف سمیت کسی بھی فارمولے کو مدنظر نہیں رکھا گیا حکومت کو گورننس کا طریقہ کار تبدیل کرنے کی ضرورت ہے بہتر حکمت عملی سے صوبے میں کثیر الجہتی غربت سمیت دیگر مسائل پر قابو پایا جا سکتا تھا چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ 50 کروڑ کی اسکیم کے لئے 50 لاکھ روپے مختص کئے گئے ہیں ہزار بجی میں ریسٹ ہاؤس اور 2 ارب سے زائد کے کرشنگ پلانٹس کے منصوبوں کی کیا ضرورت تھی انہوں نے کہا کہ ژوب یونیورسٹی کا کام کس نے روکا کسی کو معلوم نہیں ہے جس زمین پر یونیورسٹی بننی تھی اس پر عدالت کا حکم ہے کہ یہ زمین علاقے کے لوگوں کی ملکیت ہے بدقسمتی سے ہماری حکومت پاور فل نہیں ہے، چیف جسٹس نے کہا کہ ہم اوپر سے نچلی سطح تک کرپٹ ہو چکے ہیں جہاں موقع ملے وہاں کرپشن کرتے ہیں نظام کی خرابی کے ہم سب قصوروار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ہم سب ٹھیک نہیں ہونگے عدالتی فیصلوں سے کچھ نہیں ہوگا بیوروکریٹس کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ احکامات کو مانے انہوں نے کہا کہ آج تک کسی سیاسی جماعت یا حکومت نے کسی کو کرپشن پر نہیں نکالا اتنا سرمایہ داروں کو پارٹیوں میں شامل کیا جاتا ہے۔

شال بقیہ 3

توانائی کے منصوبوں سے بلوچستان کی تکلیف کی ضرورت پوری ہو سکتی ہے ترجیحی بنیادوں پر بلوچستان کی عوام کو درپیش مشکلات کا حل نکالا جائے بلکہ ہر ضلع میں چھوٹے پیمانے کے توانائی منصوبوں سے بہتری ہو سکتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی وزیر برائے توانائی عمر ایوب سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا ملاقات میں بلوچستان کے حوالے سے توانائی سے متعلقہ منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے کہا کہ بلوچستان ایک بڑا صوبہ ہے بجلی کے تقسیم کار نظام کو بہتر بنانا ہوگا بلوچستان کے اضلاع چاغی، لسبیلہ، آواران، وشک، گوادر وغیرہ کیلئے علیحدہ بجلی کی تقسیم کار کمپنی بنانے کی ضرورت ہے انہوں نے ہدایت کی کہ لسبیلہ کو کے الیکٹرک سے علیحدہ کر کے نئی مجوزہ تقسیم کار کمپنی میں شامل کیا جائے صادق سنجرانی نے کہا کہ قدرتی وسائل سے مالا مال صوبے میں توانائی کے نئے ذرائع پیدا کرنے پر توجہ دی جائے شمسی توانائی اور قابل تجدید توانائی کے منصوبوں سے بلوچستان کی بجلی کی ضرورت پوری ہو سکتی ہے بلوچستان میں قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کیلئے خصوصی مراعات دی جائیں بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں بجلی کا نظام موثر طریقے سے کام نہیں کر رہا اسے بہتر کیا جائے ترجیحی بنیادوں پر بلوچستان کی عوام کو درپیش مشکلات کا حل نکالا جائے ہر ضلع میں چھوٹے پیمانے کے توانائی منصوبوں سے بہتری ہو سکتی ہے۔

شال بقیہ 4

پر پہنچی کئی اور خاتون کی لاش کو ملبے تلے نکال کر ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا ہے ژوب کے علاقے ڈی آئی خان قومی شاہراہ خاریزہ کے مقام پر ٹرک الٹنے سے دو افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا ہے لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا دکی میں مکان کی چھت گرنے سے 5 سالہ بچی شدید زخمی ہو گئی ہے کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر بجر کے وار سے ایک شخص عبدالرحمان زخمی ہو گیا جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا پنجگور کے علاقے سراوان خداآباد میں ایک بھائی نے اپنے دوسرے بھائی بشیر احمد کو چھری مار کر زخمی کر دیا پولیس نے زخمی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے جبکہ پنجگور ہی کے علاقے بلیدہ سے ایک شخص اشرف کی لاش برآمد کر لی گئی ہے۔

شال بقیہ 5

میں ہزاروں لوگوں کو غیر قانونی طور پر پلاٹ فروخت کر دیئے گئے۔ ابتدائی تحقیقات میں یہ بات بھی سامنے آئی کہ اسکیم کے مالکان نے ہاؤسنگ اسکیم بنانے کے لئے کیو ڈی اے سے این او سی کے حصول سمیت کسی بھی قسم کا قانونی طریقہ کار نہیں اپنایا۔ ٹیب بلوچستان نے قبضہ مافیا کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے ملزمان صاحب زادہ محمد یوسف، شبیر احمد، صاحب زادہ اور محمد صادق کو کوئٹہ کے مختلف علاقوں سے گرفتاری کے بعد احتساب عدالت پیش کر کے ملزمان کا ریمانڈ حاصل کر لیا ہے ملزمان سے ہوشربا انکشافات کے بعد متعدد گرفتاریاں متوقع ہیں۔ میگا سٹی کچلاک اور جان ٹاؤن کچلاک کے متاثرین اپنے کلیم کی بابت ٹیب بلوچستان سے رجوع کر سکتے ہیں۔

شال بقیہ 6

داؤد، معاونین خصوصی ڈاکٹر ثانیہ نشتر، ڈاکٹر فیصل سلطان، لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ، ڈاکٹر معید یوسف، چیئرمین این ڈی ایم اے اور دیگر سینئر افسران شریک۔ وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر اور صوبائی وزرائے اعلیٰ کی ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران کورونا کے پھیلاؤ کو موثر طریقے سے روکنے کے لئے اقدامات، سکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں کی بحالی، ٹیسٹنگ، ٹریکنگ اور کوارنٹین اسٹریٹجی پر عملدرآمد، مختلف شعبوں خصوصاً سیاحت کے حوالے سے ٹیسٹنگ کی حکمت عملی، مانیٹرنگ اور سمارٹ لاک ڈاؤن اور ہوائی شعبے کے حوالے سے موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکمت عملی پر تفصیلی بریفنگ۔ وزیر برائے منصوبہ بندی اسد عمر نے اجلاس کو کورونا کے پھیلاؤ کی مجموعی صورتحال کے بارے میں تفصیلی طور پر بریفنگ دی۔ اس حوالے سے انہوں نے عالمی اور علاقائی ممالک اور پاکستان کی صورتحال کا تقابلی جائزہ پیش کیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کورونا سے بچاؤ کے خلاف حکومت پاکستان کی جانب سے اختیار کی جانے والی حکمت عملی کو عالمی سطح پر سراہا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 7

نشست پر سردار اختر جان مینگل کی جانب سے میر جمہوریت سینٹر میر حاصل خان بزنجو کے فرزند شاہوس حاصل بزنجو کو سپورٹ کرنے کی یقین دہانی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ نیشنل پارٹی نے حکومتی جماعتوں اور وزیر خزانہ ظہور احمد بلیدی کا بھی شکریہ ادا کیا۔ نیشنل پارٹی کی مرکزی قیادت اور بزنجو خاندان نے متفقہ طور پر سینٹ کے خالی ہونے والی نشست پر انتخاب میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ کیا۔ سینٹ کے خالی نشست پر انتخاب میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ نیشنل پارٹی نے بزنجو خاندان کی مشاورت سے کیا۔ نیشنل پارٹی کا سینٹ کے خالی ہونے والی نشست پر انتخاب میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ۔ نیشنل پارٹی نے اپوزیشن اور حکومتی جماعتوں کا سینٹ کے خالی نشست پر سپورٹ کرنے کی یقین دہانی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ نیشنل پارٹی نے سینٹ کے خالی نشست پر سردار اختر جان مینگل کی جانب سے میر جمہوریت سینٹر میر حاصل خان بزنجو کے فرزند شاہوس حاصل بزنجو کو سپورٹ کرنے کی یقین دہانی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ نیشنل پارٹی نے حکومتی جماعتوں اور وزیر خزانہ ظہور احمد بلیدی کا بھی شکریہ ادا کیا۔ نیشنل پارٹی کی مرکزی قیادت اور بزنجو خاندان نے متفقہ طور پر سینٹ کے خالی ہونے والی نشست پر انتخاب میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ کیا۔ سینٹ کے خالی نشست پر انتخاب میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ نیشنل پارٹی نے بزنجو خاندان کی مشاورت سے کیا۔

شال بقیہ 8

مذہبی عقیدت و احترام سے منایا جائے گا، مرکزی امام بارگاہوں سے نویں اور دسویں محرم کی درمیانی شب مرکزی جلوس برآمد ہوں گے جو اپنے روایتی راستوں سے ہوتے ہوئے جو 10 محرم الحرام کو اپنی منزل مقصود پر پہنچ کر اختتام پذیر ہوں گے جس کے بعد شام غریباں برپا کی جائیں گی مختلف مذہبی جماعتوں کی جانب سے بھی سیمینارز اور دیگر تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا جس میں شہدائے کربلا کی عظیم قربانی کو موضوع بنایا جائیگا، وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی طرف سے سکیورٹی کیلئے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں، ماتمی جلوسوں کے روٹس پر نو اور دس محرم الحرام کو ڈبل سواری پر پابندی ہوگی جبکہ روٹس اور اطراف میں موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس معطل رکھی جائے گی۔

شال بقیہ 9

تباہ ہے، تعلیم اور صحت کا نظام سرے سے نہیں ہے تو مسئلہ صوبائی حکومتوں کی شان پر فارمنس ہے، اس لئے سیاسی جماعتوں کو سوچنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں بارش کے بعد پیدا ہونیوالی صورتحال نے ایک بار پھر مضبوط مقامی حکومتوں کے نظام کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 22 کروڑ کی آبادی کے اس ملک کو 1935 میں بنائے گئے نظام کے تحت نہیں چلایا جا سکتا، وسائل اور ایک اصل آرگنائزیشنل نیٹ ورک جو مقامی ضروریات اور مسائل کو سمجھتا ہو۔

شال بقیہ 10

پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ نظام صحت کو تباہ کرنے والوں کے علاج باہر ہو رہے ہیں، کئی وبائیوں تک حکومت کرنے والے اپنے لیے ایک ہسپتال تک نہ بنا سکے جس میں اپنا علاج کروا سکیں، صحت کے شعبے کی آپ کو اس قدر فکر تھی کہ اس کے فنڈز اور نج لائن میں استعمال کیے، کورونا پر حکومتی کامیابی اپوزیشن کو ہضم نہیں ہو رہی ہے۔ معاون خصوصی نے کہا عالمی ادارہ صحت اور یو یسوف نے کورونا کے حوالے سے حکومتی کاوشوں کو سراہا، سماجی بہبود کے پروگرامز میں خرد برد چھوٹے میاں کا وطیرہ رہا ہے، زلزلہ زدگان کی امداد ہڑپنے والے ہی بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی بدنامی کا باعث بنے، احساس پروگرام کیلئے 208 بلین روپے مختص کرنا موجودہ حکومت کی فلاحی سوچ کی عکاس ہے، صحت انصاف کارڈ کی تقسیم بھی صحت کے شعبے میں حکومتی ترجیح کی طرف اشارہ ہے۔ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا کہ اب تک پنجاب کے تمام 36 اضلاع میں تقریباً 49 لاکھ خاندانوں میں صحت کارڈز تقسیم کیے جا چکے ہیں، صحت انصاف پاکستانی تاریخ کا پہلا پراگرام ہے جس کے تحت پورے کے پی میں صحت کی مفت سہولیات دی جائیں گی۔

شال بقیہ 11

صدارت کراچی میں وفاقی حکومت کی جانب سے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزرا اسد عمر، مراد سعید اور سینئر افسران شریک۔ گورنر سندھ عمران اسماعیل کراچی سے ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ اجلاس کو صوبہ سندھ اور کراچی میں وفاقی حکومت کے ترقیاتی منصوبوں پر اب تک کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ سندھ اور خصوصاً کراچی کے عوام کی ترقیاتی ضروریات اور درپیش مسائل کا مکمل ادراک ہے اور وفاقی حکومت اس حوالے سے اپنا کردار ادا کرے گی۔ گورنر سندھ نے وزیراعظم کو کراچی کی تازہ ترین صورتحال کے بارے میں بریف کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ کراچی میں سیوریج، نکاسی آب اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے حوالے سے جامع پلان، تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت کے ساتھ، تشکیل دیا جا رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ کراچی کے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے تمام وفاقی اداروں کو ہدایات دے دیں گئیں ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ گذشتہ روز وزیراعلیٰ سندھ سے کراچی میں حالیہ بارشوں کے بعد کی صورتحال پر گفتگو ہوئی اور وفاق اور اس کے اداروں کی جانب سے ہر ممکن مدد کی یقین دہانی کرائی ہے۔ وزیراعظم نے زور دیا کہ کراچی پاکستان کا اہم ترین شہر ہے اور اس وقت درپیش ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

شال بقیہ 12

سے دست و گریبان کرنے کی مذموم سازش ہیں تمام قبائل کے سفید ریش و معتبرین مل کر اس عمل کی سرکوبی کریں اور ایسے عناصر کے سازشوں کو ناکام بنا دیں انہوں نے کہا کہ ضلع چاغی تمام قبائل کا ایک خوبصورت گلدستہ ہیں اور یہاں پر آباد تمام قبائل ایک دوسرے کے ساتھ آپس میں رشتہ دار ہیں اور ایک گھر کے فیملی جیسے ممبر ہیں ضلع چاغی کے پرامن حالات کو خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے ہمارے لیے تمام قبائل کے معتبرین قابل احترام ہیں انتظامیہ ایسے سازشی عناصر کے مذموم مقاصد کو ناکام بنانے کیلئے فوری طور پر فائرنگ میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جائے۔

شال بقیہ 13

ہے۔ وزیراعظم نے کراچی میں بارش کی تباہ کاری کے بعد عوام کو ریلیف دینے کے لئے یقین دہانی کرائی ہے کہ وفاق اور اس کے اداروں سے سندھ حکومت کو جس قسم کی بھی مدد چاہیے اسے فراہم کی جائے گی۔ اسد عمر نے کہا کہ وزیراعظم کا عزم ہے کہ مصیبت کی اس گھڑی میں کراچی کے عوام کو بے یارومددگار نہیں چھوڑیں گے، انکا سی آپ کیلئے جامع منصوبے کا اعلان جلد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں ریلیف اور ریسکیو آپریشن خود مانیٹر کر رہا ہوں، چیئرمین این ڈی ایم اے کو لوگوں کے ریسکیو اور متاثرین کی طبی امداد، کھانا، پناہ گاہ اور ویکسینیشن کی بحالی یقینی بنانے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔

شال بقیہ 14

خاندانوں سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ ہمیں اس مشکل صورتحال کا صبر و استقامت، بہادری اور بہترین انتظامی صلاحیتوں سے مقابلہ کرنا ہے مشکل کی گھڑی میں قوم کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، ہم سب آپ کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پارٹی رہنما، منتخب نمائندے، عہدیداران اور کارکنان انتظامی اداروں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر متاثر عوام کی مدد کریں۔ وفاقی حکومت عوام کے ریسکیو اور ریلیف میں صوبوں کی بھرپور معاونت یقینی بنائے، وفاقی اور صوبائی اداروں کے درمیان مکمل ہم آہنگی اور اشتراک عمل سے اقدامات کیے جائیں، متاثر حضرات اور درد دل رکھنے والے صاحب ثروت اپنے اپنے علاقوں میں ریلیف اور ریسکیو میں دل کھول کر تعاون کریں، مصیبت کی اس گھڑی میں قومی اتحاد اور ایثار و قربانی کے جذبے سے کام لینا ہوگا۔

شال بقیہ 15

جائیں، سیلاب میں پھنسے ہمارے بلوچ بھائیوں و بہنوں کو مطلوب امداد فراہم کی جانی چاہئے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ بارش و سیلاب کی وجہ سے ہزاروں افراد بے گھر ہوئے ہیں۔ متاثرین کو فوری طور پر محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی ضرورت ہے۔ بلوچستان میں پیپلز پارٹی کے رہنما و کارکنان متاثرین کی ہر ممکن امداد کریں۔ بلاول بھٹو زرداری نے بلوچستان، خیبر پختونخوا اور پنجاب میں بھی ہونے والے جانی نقصان پر رنج و غم کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 16

مذہبی عقیدت و احترام سے منایا جائے گا، مرکزی امام بارگاہوں سے نویں اور دسویں محرم کی درمیانی شب مرکزی جلوس برآمد ہوں گے جو اپنے روایتی راستوں سے ہوتے ہوئے جو 10 محرم الحرام کو اپنی منزل مقصود پر پہنچ کر اختتام پذیر ہوں گے جس کے بعد شام غریباں برپا کی جائیں گی مختلف مذہبی جماعتوں کی جانب سے بھی سیمینارز اور دیگر تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا جس میں شہدائے کربلا کی عظیم قربانی کو موضوع بنایا جائیگا، وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی طرف سے سکیورٹی کیلئے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں، ماتمی جلوسوں کے روٹس پر نو اور دس محرم الحرام کو ڈبل سواری پر پابندی ہوگی جبکہ روٹس اور اطراف میں موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس معطل رکھی جائے گی۔

شال بقیہ 17

وکیل محمد یعقوب کئی دنوں سے بلوچستان ہائیکورٹ کے بار روم میں تادم مرگ بھوک اور دھرنا دیئے بیٹھے ہیں۔ سینئر وکیل کے مطابق ہائیکورٹ کی جانب سے لینڈ مافیا کے خلاف واضح ایکشن نہیں لیا جا رہا ہے جس کی وجہ انکی زمین پر غیر قانونی تعمیرات جاری ہیں۔ سینئر وکیل کی بھوک ہڑتال کے باعث طبیعت مزید بگڑ گئی، جس کے بعد انہیں طبی امداد فراہم کی گئی۔ انصاف کے منتظر ایڈووکیٹ محمد یعقوب کہتے ہیں کوئٹہ کے علاقے نواں کلی میں ایک لاکھ فٹ سے زائد زمین پر باثر افراد نے قبضہ کر رکھا ہے جن میں پشین کی ٹیل میں قید ایک شخص بھی ملوث ہے۔ پولیس آفیسران نے قبضہ مافیا سے لین دین کر لیا ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور آرمی چیف سے اپیل کی انہیں انصاف دلایا جائے۔

شال بقیہ 18

رکن صوبائی اسمبلی سردار سرفراز ڈومبی کو وزیراعلیٰ کا مشیر برائے محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی مقرر کر دیا گیا انکی تقرری کا گورنر بلوچستان نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا واضح رہے کہ سردار سرفراز ڈومبی نے اختلافات بناء پر استعفیٰ دیا تھا جبکہ گزشتہ روز وزیراعلیٰ اور انکے درمیان ملاقات ہوئی سرفراز ڈومبی کی جانب سے وزیراعلیٰ کے اعزاز میں عشائیہ بھی دیا تھا۔

شال بقیہ 19

اور تیرات نالے میں طغیانی سے کئی مکانات بہہ گئے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ نالوں میں طغیانی کے باعث 40 مکانات اور رابطہ پلوں سمیت دیگر املاک کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ ڈی سی سوات نے 17 افراد دریا کے پانی کے ریلے میں بہہ جانے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ باقی لاشوں کی تلاش اور علاقے میں امدادی کارروائی جاری ہیں۔ ادھر کوہستان کے دور افتادہ گاؤں لاچی نالے میں اونچے درجے کے سیلاب نے تباہی مچادی اور سیلاب میں ایک ہی خاندان کے سات افراد سیلاب میں بہہ گئے۔ کوہستان پولیس کے مطابق اب تک تین خواتین کی لاشیں مل گئی ہیں، بچوں سمیت 4 افراد ابھی تک لاپتہ ہیں۔ ادھر چلاس میں شاہراہ قراقرم پر حد پانی سے لال پڑی کے درمیان لینڈ سلائیڈنگ سے کئی گاڑیوں کو نقصان پہنچا اور پہاڑی تودہ گرنے سے ٹینکر کا ڈرائیور جاں بحق ہو گیا۔ شاہراہ قراقرم پر لینڈ سلائیڈنگ کے باعث آمدورفت معطل ہو گئی ہے، شاہراہ بند ہونے سے مقامی افراد اور سیاح دونوں جانب پھنس گئے ہیں۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع سوات اور اپر کوہستان میں بارش کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال 14 افراد کی جان لے گئی۔ پی ڈی ایم اے نے بتایا کہ بارش سے اپر کوہستان میں 8 افراد جاں بحق ہوئے اور سوات میں 3 مرد، ایک خاتون اور 2 بچوں سمیت 6 افراد زندگی کی بازی ہار گئے۔

شال بقیہ 20

تبدیلیاں کی ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہر پندرہ دن بعد ردوبدل کیا جائے گا۔ آئندہ ماہ سے صرف یورو فائیو سٹینڈرڈ پیٹرول درآمد کیا جائے گا جس کا مقصد معیاری تیل کی فراہمی کے ساتھ ماحولیاتی مسائل سے نمٹنا ہے۔ مائع قدرتی گیس کی درآمد پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا موجودہ حکومت نے سابق حکومت کے مقابلے میں تقریباً بیس سے پچیس فیصد کم نرخوں پر ایل این جی درآمد کی۔

شال بقیہ 21

مطابق ڈپٹی کمشنر مستونگ محبوب احمد اچکزئی کے خصوصی ہدایت پر لیویز تھانہ کھڈ کوچہ کے رسالدار ملک نواز خواجہ خیل نائب رسالدار حوث خان نائب رسالدار مجیب الرحمن مینگل کے سربراہی میں لیویز فورس نے ناکہ بندی و چیکنگ کے دوران پنجگور جانیوالے بس سے پنجاب کے گجرانوالہ و مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے 17 افراد کو گرفتار کر لیا۔ مزکورہ تمام افراد غیر قانونی طور پر پنجگور و ایران کے راستے یورپ جا رہے تھے جنہیں دبوچ لیا گیا۔ واضح رہے کہ چند روز قبل کھڈ کوچہ میں پنجگور جانیوالے مال بردار کوچ جنہیں حادثہ پیش آیا تھا میں بھی کشمیر سے تعلق رکھنے والے 17 افراد زخمی ہوئے تھے۔ جس کے بعد ڈپٹی کمشنر مستونگ کے ہدایت پر لیویز فورس نے چیکنگ مزید سخت کرتے ہوئے کارروائی شروع کر دی ہیں۔

شال بقیہ 22

ب ڈی آئی خان قومی شاہراہ کے علاقے خودرینا کے مقام پر ٹرک کی بریک فیل ہونے کے باعث ٹرک الٹنے سے دو افراد جاں بحق جبکہ دو زخمی ہو گئے لیویز نے لاشوں اور زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 23

علاقے دھماگ میں زمین کے تنازع پر دو گروہوں میں تصادم کے نتیجے میں بارگ، حاجی کریم جان، اور دیگر زخمی ہو گئے، زخمیوں کو سول اسپتال بسیمہ منتقل کر دیا گیا۔ تصادم کا دوسرا واقعہ زرد میں پیش آیا، لیویز کے مطابق بسیمہ کے علاقے زرد دھماگ زمین کے تنازع میں دو گروہوں کے تصادم میں 4 افراد زخمی ہو گئے ہیں زخمیوں کو سول ہسپتال بسیمہ منتقل کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 24

تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے علاقے قلات کے قریب کوئٹہ کراچی شاہراہ ریچ کے مقام پر خضدار سے قلات آنے والی آلٹو کار گاڑی تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہو کر الٹ گئی۔ جس کے نتیجے میں ڈرائیور خضدار کے رہائشی ہندو تاجر وہے کمار موقع پر جاں بحق جبکہ اسکے دو ساتھی علی نواز اور عمران سکنہ خضدار شدید زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملتے پر جاں بحق اور زخمیوں کو فوری طور پر سول ہسپتال قلات پہنچا دی گئی۔ جہاں پر نعش کو ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی جبکہ زخمیوں کو طبی امداد دینے کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔

شال بقیہ 25

فیکٹری میں مبینہ طور پر گیس لیکیج کے باعث خوفناک دھماکے کے نتیجے میں کئی مزدوروں سمیت 13 افراد جھلس کر زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہاٹ پہنچا دیا گیا۔ امدادی ادارے ریسکیو 1122 اور پولیس سٹیشن بانڈہ داؤد شاہ سے حاصل ابتدائی معلومات کے مطابق جمعہ کے روز تقریباً دو بجے کوہاٹ سے تقریباً 35 کلومیٹر فاصلے پر ضلع کرک کی تحصیل بانڈہ داؤد شاہ کے نواحی علاقے جدہ اسماعیل خیل میں واقع عامر جپسم فیکٹری میں مبینہ طور پر گیس لیکیج کے باعث خوفناک دھماکہ ہوا۔ دھماکہ کی زد میں آکر 13 افراد جھلس کر زخمی ہو گئے جن میں کئی فیکٹری میں کام کرنے والے کئی مزدور بھی شامل بتائے جاتے ہیں۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم فوری طور پر جائے واقعہ پہنچ گئی جہاں زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کر کے تمام شدید زخمیوں کو ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہاٹ پہنچا دیا۔

شال بقیہ 26

میں ٹیب نے تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا، ماسٹر پلان تبدیلی کے باعث نقصان کا ریکارڈ طلب کر لیا گیا، 2004 کے لاہور ماسٹر پلان کی 2013 میں تبدیلی کے متاثرین کو شکایات کے اندراج کی ہدایت کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ماسٹر پلان تبدیلی سے رہائشی اراضی کو زرعی اراضی پر منتقل کرنے سے عام شہریوں کا کروڑوں کا نقصان ہوا۔ ذرائع کے مطابق مریم نواز نے پالیسی تبدیلی سے فائدہ اٹھاتے 200 ایکڑ، نواز شریف نے 100 کنال جبکہ میاں شہباز شریف نے 100 کنال اپنے نام منتقل کرائی۔ ٹیب نے تمام متاثرین کو ڈی جی ٹیب کے نام پر درخواست دائر کرانے کی ہدایت کی ہے۔

شال بقیہ 27

ذخیرہ کر لیا گیا۔ منگلا ڈیم میں پانی کا لیول سطح سمندر سے ایک ہزار 242 فٹ جبکہ تربیلا میں ایک ہزار 550 فٹ ہے۔ دونوں آبی ذخائر میں مجموعی طور پر ایک کروڑ 33 لاکھ 60 ہزار ایکڑ فٹ پانی دستیاب ہے جو گزشتہ 10 سال کے دوران پانی کی دستیابی کا ریکارڈ ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ دس سال کی اوسط دستیابی کے مقابلے میں دونوں آبی ذخائر میں 21 لاکھ 73 ہزار ایکڑ فٹ زیادہ پانی موجود ہے۔ تربیلا اور منگلا ڈیمز میں پانی کی ریکارڈ دستیابی بہتر زرعی پیداوار اور اضافی پن بجلی کا باعث بنے گی۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ گزشتہ دو روز سے واپڈا پن بجلی گھروں سے ساڑھے 8 ہزار میگاواٹ سے زائد بجلی نیشنل گرڈ کو مہیا کی جا رہی ہے۔

شال بقیہ 28

پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) کو 5 کروڑ روپے دینے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق آرمی چیف سے پی ایچ ایف کے صدر خالد سجاد کھوکھر نے ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بریگیڈیئر ریٹائرڈ خالد سجاد کھوکھر نے ہاکی کی بحالی کے لیے اقدامات پر بریفنگ دی۔ شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کا کہنا تھا کہ فوج نے ہاکی سمیت دیگر کھیلوں کے فروغ کی ہمیشہ حمایت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جنرل قمر جاوید باجوہ نے پی ایچ ایف کیلئے آرمی ویلفیئر فنڈ سے 5 کروڑ روپے دینے کا وعدہ کیا۔ پاک فوج کے سربراہ نے کہا کہ حکومت قومی کھیل ہاکی کی بحالی کے لئے پرعزم ہے۔ صدر پی ایچ ایف نے ہاکی کے کھیل کی سپورٹ کیلئے آرمی چیف کے تعاون پر اظہار تشکر کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستانی آرمی راولپنڈی اور اوکاڑہ میں دو آسٹرو ٹرف اسٹیڈیم فراہم کر چکی ہے۔

شال بقیہ 29

بلوچ، پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری، ضلعی سینئر نائب صدر شفیق ساسولی، بی این پی کوئٹہ ضلعی کمیٹی کے ممبر حفیظ بلوچ، بی این پی کوئٹہ ضلعی انفارمیشن سیکرٹری یونس بلوچ، پارٹی کے مرکزی کونسلر ملک صلاح الدین شاہوانی، حاجی محمد اقبال بلوچ، ڈاکٹر محمد بخش بلوچ، سفر خان بلوچ نے خضدار میں پارٹی کے ضلعی کابینہ مختلف تحصیلوں کے عہدیداروں اور پارٹی کے سینئر کارکنوں سے ملاقات کے موقع پر منعقدہ نشست کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جبکہ کارروائی ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری غلام نبی ایڈووکیٹ نے سرانجام دیئے جبکہ بلوچی و براہوئی زبان کے اور دانشور سلیم کرونے بلوچ قوم کے تاریخی ثقافتی سماجی ارتقائی عمل سے لیکر موجودہ دور تک کے حالات پر سیاسی لیکچر دیا اس موقع پر پارٹی کے عہدیداروں نے تنظیمی سیاسی ثقافتی تاریخ سے متعلق کارکنوں کے سوالات کے جوابات بھی دیئے گئے۔

شال بقیہ 30

کلب ڈیرہ مراد جمالی کے صدر ولی محمد زہری کی قیادت میں ملنے والے صحافیوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر نائب صدر عزیز ساسولی سینئر

بلوچستان کے عوام بدترین پسماندگی اور ناانصافیوں کا شکار ہے، بی این پی

نام نہاد جمہوری دور حکومتوں میں بلوچ قومی حقوق اور بلوچستان کے سائل وساحل کے دفاع کیلئے جو مثالی جدوجہد کے ذریعے جو تاریخ رقم کیا ہے

عہدیداروں نے جنگی سیاسی ثقافتی تاریخ سے متعلق کارکنوں کے سوالات کے جوابات بھی دیئے گئے، عوام کے لئے ایک کھلی کتاب کی مانند ہے، بلوچستان نیشنل پارٹی

لسبیلہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ ضلع لسبیلہ صورتحال سے متعلق میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

خضدار (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پارٹی کارکنوں نے مشکل کٹھن اور آمریت کے سخت ادوار اور نام نہاد جمہوری دور حکومتوں میں بلوچ قومی حقوق اور بلوچستان کے سائل وساحل کے دفاع کیلئے جو مثالی جدوجہد کے ذریعے جو تاریخ رقم کیا ہے وہ یہاں کے عوام کے لئے ایک کھلی کتاب کی مانند ہے اپنے پارٹی کے کارکنوں اور دوستوں کی ان جدوجہد کو کسی بھی صورت میں رائیگاں نہیں ہونے دیا جائیگا۔ بلوچستان کو آج بھی طرح طرح کے سنگین مسائل اور چیلنجز کا سامنا ہے انھیں دور کرنے کیلئے پارٹی کے کارکنوں کو اپنی جدوجہد میں تیزی لانا ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری چیئرمین لعل جان بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

جمعیت کے ہر پروگرام کو گھر گھر پہنچائینگے ضلعی جماعت کے ہر فیصلہ کا احترام کرینگے امیر مولوی سید محمد آغا

پشین عوام کے مطالبوں کو احترام سے دیکھا جائے عوام کو روڈوں پر آنے پر مجبور نہ کیا جائے

پشین کے انتظامی آفیسر کا فوری طور تبادلہ چاہتے ہیں حکام بالا سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں، مولوی محمد رفیق

سرانان (آن لائن) جمعیت کے ہر پروگرام کو گھر گھر پہنچائینگے ضلعی جماعت کے ہر فیصلہ کا احترام کرینگے پشین کے انتظامی آفیسر کا فوری طور تبادلہ چاہتے ہیں حکام بالا سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ پشین عوام کے مطالبوں کو احترام سے دیکھا جائے عوام کو روڈوں پر آنے پر مجبور نہ کیا جائے ضلع پشین میں کبھی کسی ایسے آفیسر کو برداشت نہیں کیا جائیگا جس سے پشین کے عوام کی حقوق کو نقصان پہنچیں ان خیالات کا اظہار جے یو آئی تحصیل امیر مولوی سید محمد آغا مولوی نجیب اللہ مولوی محمد رفیق مولوی صادق ملک نظام بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

کیسکو پشین کی نادہندگان کے خلاف کارروائی، 6 ٹرانسفارمر اتار دیئے گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کی نادہندگان اور غیر قانونی بجلی استعمال کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایکسین پشین شبیر احمد ترین کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے پشین اور خانوزئی کے مختلف علاقوں میں کارروائی کے دوران 5 زرعی نادہندگان کے ٹرانسفارمر بلوں کی عدم ادائیگی بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

اپوزیشن ہو یا حکومت دونوں عوام کے منتخب نمائندے ہیں، عمر خان جمالی

صوبے کے عوام کو جدید سفری سہولیات کی فراہمی خصوصاً کوئٹہ میں گرین بس سروس کی ضرورت کو محسوس کرکے اس کے بارے میں پلاننگ کی جاری ہے

بلوچستان تیزی سے ترقی کرنے والا صوبہ بنے گا، بلوچستان حکومت صوبے میں تعلیم صحت اور روڈ انفراسٹرکچر پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ

تمبو (آن لائن) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ وجین الاصو بائی رابطہ میر عمر خان جمالی نے کہا ہے کہ جام کمال خان کی قیادت میں بلوچستان تیزی سے ترقی کرنے والا صوبہ بنے گا صوبے کے عوام کو جدید سفری سہولیات کی فراہمی خصوصاً کوئٹہ میں گرین بس سروس کی ضرورت کو محسوس کرکے اس کے بارے میں پلاننگ کی جاری ہے بلوچستان حکومت صوبے میں تعلیم صحت اور روڈ انفراسٹرکچر پر خصوصی توجہ دے رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ پریس بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت منعقد نیشنل کوارڈینیشن کمیٹی کے اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے بلوچستان اسٹوڈنٹس کے لئے فری اسکالرشپس (سمسٹر فری فیس) زیرو چالان ختم کردیا ہے

مستونگ (نامہ نگار) اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے بلوچستان اسٹوڈنٹس کے لئے فری اسکالرشپس (سمسٹر فری فیس) زیرو چالان ختم کردیا ہے۔ جس سے بلوچستان بھر سے اسٹوڈنٹس اسلامیہ یونیورسٹی کے کسی بھی کیمپس میں بغیر فیس کی بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

بی ایس ڈگری پروگرام کے مختلف شعبہ جات کے داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کردی گئی، جامعہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) جامعہ بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق جامعہ کے بی ایس ڈگری پروگرام کے مختلف شعبہ جات کے داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کردی گئی ہے۔ جبکہ اب بی ایس ڈگری پروگرام کے داخلہ فارم 11 ستمبر بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

ایران کو ہتھیاروں کے حصول کی اجازت ہرگز نہیں دیں گے، امریکی مندوب

سلامتی کونسل اس سلسلے میں قانونی اقدامات کے نفاذ کی ذمے داری پوری کرے، کیلی کراف

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں امریکا کی خاتون مندوب کیلی کراف نے کہا ہے کہ ان کا ملک ایران کو ہتھیاروں کے حصول کی اجازت نہیں دے گا۔ عرب ٹی وی کے مطابق خصوصی انٹرویو میں کیلی نے کہا کہ ایران ہتھیاروں کو دہشت گردی کے واسطے استعمال کرتا ہے لہٰذا اس کا ہتھیار حاصل کرنا بدترین امر ہے۔ کیلی نے واضح کیا کہ واشنگٹن سلامتی کونسل کی قرار داد 2231 کے مطابق آئندہ ماہ کی تیس تاریخ کو اسنیپ بیک کے نام سے معروف پابندیوں کا میکانزم لاگو کرنے کے لیے کام کرے گا۔ انہوں نے سلامتی کونسل پر زور دیا کہ وہ اس سلسلے میں قانونی اقدامات کے نفاذ کی ذمے داری پوری کرے۔

پشاور، کالعدم تنظیموں کے 3 مبینہ دہشتگرد گرفتار

دہشت گردوں کے قبضے سے 4 کلو بارودی مواد اور 3 پستول برآمد ہوئے

پشاور (این این آئی) انسپکٹر جنرل خوا کے دارالخلافہ پشاور کے علاقے تھانہ میں پولیس اور سی ٹی ڈی نے کارروائی کرتے ہوئے 3 مبینہ دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی آپریشنز کے مطابق دہشت گردوں کا تعلق کالعدم تنظیموں سے ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دہشت گردوں کے قبضے سے 4 کلو بارودی مواد اور 3 پستول برآمد ہوئے ہیں۔ ایس ایس پی آپریشنز نے بتایا کہ گرفتار کیے گئے دہشت گردوں کے قبضے سے ڈیٹونیٹرز، پرائما کارڈ اور نٹ بولٹ بھی برآمد ہوئے ہیں۔ ایس ایس پی آپریشنز نے بتایا کہ ملزمان بھتہ خوری، ٹارگٹ کلنگ اور آئی ای ڈی حملوں میں ملوث ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان مختلف علاقوں میں دہشت گردی کرنا چاہتے تھے۔

محرم کے جلوسوں کو روکنے کیلئے سرینگر میں سخت پابندیاں نافذ

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر انتظام جموں کشمیر میں قابض بھارتی حکام نے محرم الحرام کے جلوسوں کو روکنے کیلئے سرینگر میں سخت پابندیاں نافذ کر دی ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق سرینگر کے آٹھ تھانوں بدھ مالو، شہید گنج، کرن نگر، مائسمہ، کوٹھی باغ، شیر گڑی، کرال کھڈ اور رام منشی باغ کی حدودوں میں آنے والے علاقوں میں پابندیاں انتہائی سخت کر دی گئیں۔ گاڑیوں کی آمد و رفت اور لوگوں کو محرم کے جلوس نکالنے سے روکنے کیلئے سڑکوں پر خاردار تاریں بچھا دی گئیں۔

اوتھل، اسسٹنٹ کمشنر بیلہ کیپٹن (ر) عارف احمد لاکھڑا میں سیلابی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

وفاقی دارالحکومت میں قتل کی واردات کے بعد بیرون ملک فرار ہونیوالا ملزم انٹرپول کی مدد سے گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں قتل کی واردات کے بعد بیرون ملک فرار ہونیوالا ملزم انٹرپول کی مدد سے گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق راجہ محمد منیف تھانہ لوی بھیر کے میں بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

بیجانی کیفیت کی وجہ سے معاشرے میں عجیب بے چینی پائی جاتی ہے، فرزانہ تقیم

ہمارے معاشرے کا المیہ ہے یہاں جائز حقوق کیلئے بھی جنگ لڑنا پڑتی ہے، سینئر اداکارہ

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ فرزانہ تقیم نے کہا ہے کہ بیجانی کیفیت کی وجہ سے معاشرے میں عجیب بے چینی پائی جاتی ہے جس کی وجہ سے عدم برداشت فروغ پا رہا ہے، جب ظلم عام اور انصاف ناپید ہو جائے تو معاشروں میں ابتری کی صورتحال پیدا ہو جاتی ہے، ہمارے معاشرے کا المیہ ہے بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

اپوزیشن جماعتیں عوامی مفادات کیلئے نہیں اپنے پیٹ کیلئے چیخ رہے ہیں، نور محمد

صوبائی حکومت کے ہر عوام دوست اقدام سے اپوزیشن جماعتیں خوش ہونے کے بجائے اس میں روڑے اٹکانے کی کوشش کر رہے ہیں

انہیں ہمیشہ ناکامی کے سوا کچھ نہیں ملا ہے اپوزیشن جماعتیں عوامی مفادات اور صوبے کے ترقی و خوشحالی کیلئے نہیں اپنے پیٹ کیلئے چیخ رہے ہیں، صوبائی وزیر پی ایچ ای

ہرنائی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت کے ہر عوام دوست اقدام سے اپوزیشن جماعتیں خوش ہونے کے بجائے اس میں روڑے اٹکانے کی کوشش کر رہے ہیں تاہم انہیں ہمیشہ ناکامی کے سوا کچھ نہیں ملا ہے اپوزیشن جماعتیں عوامی مفادات اور صوبے کے ترقی و خوشحالی کیلئے نہیں اپنے پیٹ کیلئے چیخ رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

لسبیلہ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ فرحان سلیمان روفجو و دیگر حب ڈیم اور ساکران وحب ندی کا معائنہ کر رہے ہیں

خضدار ڈیویژن فورس مون سون کی بارشوں کی وجہ سے سیلاب سے متاثرہ ہونے والے افراد کو ریسکیو کر رہی ہے۔

تمام کاروائی بہت ذمہ داری اور صاف وشفاف طریقے سے انجام دی جائے، سہیل الرحمن بلوچ

کسی بھی قسم کی کوئی جوابدہی شفافیت نہیں پائی جائے گی جعلی ڈومیسائل کے بارے میں جامع ایکشن اختیار کیا جائے گا، کیپٹن (ر) فیاض علی

لورالائی (این این آئی) کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ کی زیر صدارت ڈویژنل ویڈیو لنک کانفرنس منعقد ہوئی جس میں ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) فیاض علی ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ حبیب الرحمن کاکڑ ڈپٹی کمشنر ہنگ بلوچ ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل محمد افضل خوستی ڈپٹی کمشنر شیرانی محمد رمضان پانیر ڈپٹی کمشنر دکی قربان علی عمرانی ڈپٹی کمشنر بارکھان محمد گل خلجی نے شرکت کی کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمن کو اس موقع پر متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے بتایا کہ جعلی ڈومیسائل کے بارے میں چھان بین جاری اور اس سلسلے بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

آج بروز ہفتہ ایف سی پولیس اور روٹ پر مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے ممبران نوبجے سٹی تھانہ پہنچ جائے، رحیم کاکڑ

تمام گلیوں کے ممبران اپنا سٹاک کا سلسلہ شروع کرے تمام سٹاکسٹ اپنی کاؤنٹر پر موجود رہیں تاکہ سٹاک کے سلسلے میں کوئی دشواری پیش نہ آئے، تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، سید عبدالقیوم آغا، میر یاسین مینگل، شاہد رضا، حسن آغا، نظیر گلستان، اللہ داد اچکزئی، نجیب اللہ کاکڑ، شکور لالا، صدیق یوسف زئی، حمداللہ اچکزئی، سید نعمت آغا، سلطان علی، نرم اختر، احسان اللہ کاکڑ، حاجی رمضان خلجی، عبدالعلی وغیرہ نے اپنے مشترکہ کا بیان میں کہا ہے کہ ایف سی پولیس ضلعی انتظامیہ اور مرکزی بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

چھپر ڈیم ٹوٹنے سے منگچر میں تباہی زمینداروں کے کھڑی فصلات سبزیات پانی کی نذر ہوگئی

ڈپٹی کمشنرز اور محکمہ مال کے ان نقصانات کا سروے کرکے زمینداروں کے نقصانات کا ازالہ کریں، جمعیت منگچر کے امیر مفتی ابوبکر بلوچ کا کمشنر کیچ کو بیان

منگچر (نامہ نگار) چھپر ڈیم ٹوٹنے سے کارچھاپ منگچر وگردونواح میں باغات، سبزیات، فصلات، ٹیوب ویل دیگر بہا کرلے گئے زمینداروں کو کروڑوں روپے کا نقصان ہوا متاثرہ زمینداروں کے نقصانات کا جلد سروے کران کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام تحصیل منگچر کے امیر مفتی ابوبکر، حافظ محب اللہ ناصر، مولانا عطاء اللہ مگسوری، مولانا عزیز اللہ قریشی، حافظ خدا بخش، شاہ اللہ لہڑی، عبدالغفور کارچھاپی، محمد سعد بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

چھپر ڈیم ٹوٹنے سے کارچھاپ منگچر وگردونواح میں باغات، سبزیات، فصلات، ٹیوب ویل دیگر بہا کرلے گئے

منگچر (آن لائن) چھپر ڈیم ٹوٹنے سے کارچھاپ منگچر وگردونواح میں باغات، سبزیات، فصلات، ٹیوب ویل دیگر بہا کرلے گئے زمینداروں کو کروڑوں روپے کا نقصان ہوا متاثرہ زمینداروں کے نقصانات کا جلد سروے کران کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

خاصخیلی برادری کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، سردار رحمت الہ خاصخیلی

خاصخیلی برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام تر اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے، بی اے پی

اوتھل (نامہ نگار) خاصخیلی برادری کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، خاصخیلی برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام تر اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے، ان خیالات کا اظہار بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی سینئر رہنما خاصخیلی برادری کے سربراہ سردار رحمت الہ خاصخیلی نے اوتھل میں لسبیلہ بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار کے قریب گوٹھ حاجی غلام رسول جتوئی کے مقام پر سم شاخ اور تھو 50 سے زائد مکانات زیر آب آگئے

صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ کی ہدایت پر ہیوی مشینری کے ذریعے سم شاخ کے پشتے مضبوط بنا کر پانی کا بہاؤ روک دیا گیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار کے قریب گوٹھ حاجی غلام رسول جتوئی کے مقام پر سم شاخ اور تھو 50 سے زائد مکانات زیر آب آگئے صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ کی ہدایت پر ہیوی مشینری کے ذریعے سم شاخ کے پشتے مضبوط بنا کر پانی کا بہاؤ روک دیا گیا جمعہ کی علی الصبح سم شاخ میں طغیانی آنے کے بعد پانی کا دباؤ بڑھ گیا اور سم شاخ اوور فلو ہونے کے باعث میر نصر اللہ خان رند حاجی عبدالغفور جتوئی عبدالشکور جتوئی اول خیر جتوئی سمیت 50 سے زائد مکانات زیر آب آگئے ہیں مقامی لوگوں کے گھریلو سامان بھی پانی میں بہہ گئے دیہات زیر آب آنے کی اطلاع پر صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ وجین الصوبائی امور میر عمر خان جمالی بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ٹرانسپورٹ کی ہدایت پر ہیوی مشینری کے ذریعے سم شاخ کے پشتے مضبوط بنا کر پانی کا بہاؤ روک دیا گیا جمعہ کی علی الصبح سم شاخ میں طغیانی آنے کے بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

جسٹس زبیر احمد لاکھو بلوچستان جوڈیشل اکیڈمی سے تربیت مکمل کرنے والے جوڈیشل آفیسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

حکومتی سطح پر ہم کسانوں کو ریلیف فراہم کیا جائے، بیان

ہمیں خوراک، بجلی، ادویات فراہم کی جائیں تاکہ ہم اپنے بچوں کو بھوک سے بچا سکیں، کسانوں کا حکومت سے نوٹس لینے کا مطالبہ

صحبت پور (این این آئی) حالیہ شدید بارشوں کی وجہ سے زین کوہ کے پہاڑی سلسلے سے آنے والے برساتی ریلے کی وجہ سے پٹ فیڈر کے بیرون دولت گھاری رائج کینال، گوٹھ ظہور احمد خان کھوسہ، منظور احمد خان کھوسہ، محمد اکرم خان کھوسہ، منور خان کھوسہ، الطاف خان کھوسہ، بشیر خان کھوسہ، رئیس علی نواز خان بھنگر، وٹی محمد بھنگر، دوران ٹھکرانی، اللہ رکھیہ محمد بخش، نصیر احمد، گل خان گبول، میر جانا گبول، شاہنواز عرف شال کھوسہ، گل حسن کھوسہ، خان محمد کھوسہ سمیت مختلف علاقوں میں سیلابی صورتحال ہے۔ سیلابی پانی آنے کی وجہ سے غریبوں کے گھر بار مال مویشی گھر میں رکھے اناج سب کچھ بہا کر لے گیا ہے۔

خضدار کے تحصیل وڈھ میں ہندو تاجروں نے احتجاجاً کاروبار بند کردیا، انہیں شکایت ہے کہ بامعلوم افراد کی جانب سے بھتہ وصولی کے لئے انہیں دھمکی آمیز پیغامات موصول ہوئے ہیں، جس کے بعد ہم اپنا کاروبار جاری نہیں رکھ سکتے

خضدار (این این آئی) خضدار کے تحصیل وڈھ میں ہندو تاجروں نے احتجاجاً کاروبار بند کردیا، انہیں شکایت ہے کہ بامعلوم افراد کی جانب سے بھتہ وصولی کے لئے انہیں دھمکی آمیز پیغامات موصول ہوئے ہیں، جس کے بعد ہم اپنا کاروبار جاری نہیں رکھ سکتے۔ آمد و اخراجات کے مطابق جمعرات اور جمعہ یعنی دو روز سے ہندو تاجر نہ بازار آئے ہیں اور نہ ہی اپنی دکانیں کاروبار کے لئے کھول رہے ہیں، ہندو تاجروں بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

فلم اور سینما ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم ہیں، معمر رانا

انڈسٹری کی ترقی کیساتھ سینماؤں میں بھی جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنا چاہیے

لاہور (این این آئی) نامور اداکار معمر رانا نے کہا ہے کہ فلم اور سینما ایک دوسرے کیلئے لازم وملزوم ہیں، فلم انڈسٹری کی ترقی کے ساتھ سینماؤں میں بھی جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں معمر رانا نے کہا کہ لالی ووڈ میں ایسا دور بھی دیکھا ہے کہ پروڈیوسر فلم بنا لیتے تھے لیکن انہیں فلم کی نمائش کرنے کیلئے سینما میسر نہیں آتا تھا۔ فلم انڈسٹری کے بحران کی وجہ سے بہت سے سینما پارٹیوں اور دیگر کاروبار میں تبدیل ہو گئے ہیں۔

قسمت پر یقین ہے لیکن اس سے پہلے محنت کرنے کی قائل ہوں، نیلم منیر

بڑی سکرین پر جب بھی اچھے کردار کی پیشکش ہوگی ضرور کام کروں گی، انٹرویو میں گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ نیلم منیر نے کہا ہے کہ قسمت پر یقین ہے لیکن اس سے پہلے محنت کرنے کی قائل ہوں، بڑی سکرین پر جب بھی اچھے کردار کی پیشکش ہوئی ضرور کام کروں گی۔ ایک انٹرویو میں نیلم منیر نے کہا کہ انسان کی زندگی میں قسمت کا بھی بڑا دخل ہوتا ہے اور میرا اس پر یقین ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ میں محنت اور لگن سے کام کرنے کی بھی قائل ہوں کیونکہ اس کا پھل آپ کو ضرور ملتا ہے۔

پاکستان کے دشمنوں کے ایجنڈے کو کاؤنٹر کرنے کیلئے خصوصی فلمیں بنانی چاہئیں، افضل خان

فلم انڈسٹری کے وہ حالات نہیں جسے عروج کا دور کہا جا سکے لیکن مایوس نہیں ہونا چاہیے، انٹرویو

لاہور (این این آئی) نامور اداکار افضل خان عرف ربیو نے کہا ہے کہ خوشگوار زندگی بسر ہو رہی ہے اور اس پر اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر ادا کروں وہ کم ہے، اہلیہ صاحبہ کے ساتھ مل کر بچوں کی پرورش پر بھرپور توجہ مرکوز کر رکھی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ شوبز سرگرمیاں بھی جاری ہیں۔ ایک انٹرویو میں افضل خان نے کہا کہ یہ درست ہے کہ پاکستان فلم انڈسٹری کے وہ حالات نہیں کہ اسے عروج کا دور کہا جا سکے لیکن ہمیں مایوس نہیں ہونا چاہیے۔

کسی بھی فلم کی کامیابی کیلئے سکرپٹ کا اچھا اور معیاری ہونا لازمی ہے، ثنا

بہترین موضوع کیساتھ پرفیکٹ اداکاروں کا چناؤ سونے پر سہاگہ کا کام کرتا ہے

لاہور (این این آئی) لالی ووڈ سٹار ثنا نے کہا ہے کہ کسی بھی فلم کی کامیابی کیلئے معیاری سکرپٹ بنیاد ہوتا ہے ماضی کی سپر ہٹ فلموں کی کامیابی کی بڑی وجہ یہی تھی کہ انکے موضوعات انتہائی معیاری تھے۔ ایک انٹرویو میں ثنا نے کہا کہ اگر فلم کا موضوع دلچسپ اور لوگوں کو اپنی جانب راغب کرنے والا ہو تو کوئی وجہ نہیں کہ فلم کامیاب نہ ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ موضوع کو نبھانے کے لئے پرفیکٹ اداکاروں کا چناؤ سونے پر سہاگہ کا کام کرتا ہے۔

نیشنل پارٹی نے بلوچستان کا وارث ہونے کا عملی ثبوت دیا ہے، جس کے وارث غریب مظلوم طبقات ہیں، میر رحمت صالح

صوبائی وزیر نے مشکلات کے باوجود اپنی اتحادی حکومت کے ایک روپے کا بھی اختیار نہیں مگر عوام کے فائدے کے لیے کیسی بھی سیاسی قربانی دینا پڑے

مشکلات کے باوجود اپنی اتحادی حکومت کے ایک روپے کا بھی اختیار نہیں مگر عوام کے فائدے کے لیے کیسی بھی سیاسی قربانی دینا پڑے

پنجگور (این این آئی) پنجگور سابق صوبائی وزیر میر رحمت صالح کی رہائش گاہ پر ایک شہری جلسہ کا انعقاد کیا گیا جلسہ میں نیشنل پارٹی کے سابق صوبائی وزیر میر رحمت صالح سابق ایم پی اے حاجی اسلام بلوچ مرکزی سیکرٹری ایڈوکیسی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر حاجی صالح محمد جنرل سکریٹری صدیق بلوچ نیشنل پارٹی کے صوبائی رہنما سلطین بلوچ ضلعی نائب صدر شعیب جان سابق ضلعی صدر حاجی محمد اکبر بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

حکومت نے شہید صحافی ارشاد مستوئی کے قاتلوں کی گرفتاری کا دعویٰ کیا گیا تھا پر ہم مطمئن نہیں ہیں، شہزادہ ذوالفقار

حکومت بلوچستان ایک آزاد اور خودمختار جوڈیشل کمیشن بنائی جائے تاکہ شفاف طریقے سے انکوائری ممکن ہو سکے، تلخ بیانیے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام یوم شہداء صحافت بلوچستان کے حوالے سے احتجاج مظاہرہ کیا گیا، جب کہ پریس کلب کے گیٹ پر سیاہ جھنڈا لہرایا گیا، احتجاجی مظاہرے سے صدر پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے صدر شہزادہ ذوالفقار، صدر بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے صدر ایوب ترین، پریس کلب کے صدر رضا الرحمان، جنرل سیکرٹری پی یو جے رشید بلوچ نے خطاب کیا، شہزادہ ذوالفقار نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بلوچستان میں شہید صحافی ارشاد مستوئی کے قاتلوں کی گرفتاری کا دعویٰ کیا گیا تھا جس سے ہم مطمئن نہیں ہیں حکومت بلوچستان ایک آزاد اور خودمختار جوڈیشل کمیشن بنائی جائے تاکہ شفاف طریقے سے انکوائری ممکن ہو سکے، اتنا کہنا تھا کہ اس وقت پاکستان میں آزاد صحافت دم بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

آزاد کشمیر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین نے کمیٹی کا اجلاس 28 ستمبر کو طلب کرلیا

مظفرآباد (این این آئی) آزاد کشمیر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین عبدالرشید ترابی نے کمیٹی کا اجلاس 28 ستمبر بمقام کمیٹی روم ایم ایل اے ہاسٹل مظفرآباد طلب کرلیا۔ اس ضمن میں اسمبلی سیکرٹریٹ سے باقاعدہ نوٹیفیکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ جاری ہونے والے شیڈول کے مطابق بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

خضدار میں مسلسل دو روز سے جاری بارش سے جانی و مالی نقصانات، دیوار گرنے سے بچوں سمیت آبادی زیر آب آگئی

خضدار (این این آئی) خضدار میں مسلسل دو روز سے جاری بارش سے جانی و مالی نقصانات، دیوار گرنے سے بچوں سمیت آبادی زیر آب آگئی، فصلات کو بڑے پیمانے پر نقصان، عوامی نمائندے غائب، نکاسی آب کے ناقص نظام نے شہریوں بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار سم شاخ اور فلو سے 50 زائد مکانات زیر آب آگئے

صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ کی ہدایت پر ہیوی مشینری کے ذریعے سم شاخ کے پشتے مضبوط بنا کر پانی کا بہاؤ روک دیا گیا

مقامی لوگوں کے گھریلو سامان بھی پانی میں بہہ گئے دیہات زیر آب آنے کی اطلاع پر ضلعی انتظامیہ متحرک ہوگئی

لورالائی ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فیاض علی چیف سیکرٹری بلوچستان سے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہیں

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار کے قریب گوٹھ حاجی غلام رسول جتوئی کے مقام پر سم شاخ اور تھو 50 سے زائد مکانات زیر آب آگئے صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ کی ہدایت پر ہیوی مشینری کے ذریعے سم شاخ کے پشتے مضبوط بنا کر پانی کا بہاؤ روک دیا گیا جمعہ کی علی الصبح سم شاخ میں طغیانی آنے کے بعد پانی کا دباؤ بڑھ گیا اور سم شاخ اوور فلو ہونے کے باعث میر نصر اللہ خان رند حاجی عبدالغفور جتوئی عبدالشکور جتوئی اول خیر جتوئی سمیت 50 سے زائد مکانات زیر آب آگئے ہیں مقامی لوگوں کے گھریلو سامان بھی پانی میں بہہ گئے دیہات زیر آب آنے کی اطلاع پر صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ وجین الصوبائی امور میر عمر خان جمالی بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

سعودی عرب میں تفریحی سرگرمیاں بحال، دسمبر میں تمام سینما گھر کھولنے کا اعلان

الاحسا (این این آئی) سعودی عرب میں کرونا وبا کے خطرات کم ہونے کے بعد ملک میں تفریحی سرگرمیاں بتدریج بحال ہونا شروع ہو گئی ہیں۔ سعودی عرب میں آڈیو ویژوئل میڈیا اتھارٹی کے نمائندے منذر الندیکر نے عرب ٹی وی کو بتایا کہ سعودی عرب میں رواں سال کے آخر تک تمام سینما گھر بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

جامعہ بلوچستان نے بی اے، بی ایس سی سال 2019 کے ضمنی امتحانات کے فارم جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کردی

کوئٹہ (این این آئی) جامعہ بلوچستان نے بی اے، بی ایس سی سال 2019 کے ضمنی امتحانات کے فارم جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کردی ہے۔ اب نئے شیڈول کے مطابق بی اے، بی ایس سی کے امتحانی فارم 14 ستمبر 2020 تک جمع کئے جاسکیں گے۔ مزید معلومات کے لئے شعبہ بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

آج کل جس طرح کے ڈرامے چل رہے ہیں ان کے سکرپٹ میری سمجھ سے باہر ہیں، طلعت حسین

آج ڈرامے میں سوائے بیوی، بیٹی اور ساس بہو کے جھگڑے کے کچھ اور ہوتا ہی نہیں، میرے ڈراموں پر انڈیا میں شور مچا تھا، انٹرویو

کراچی (این این آئی) ستارہ امتیاز کے لیے حال ہی میں نامزد ہونے والے نامور فنکار طلعت حسین کہتے ہیں کہ انہیں ایوارڈ ملنے پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ 'جو لوگ ایسی بات کرتے ہیں، وہ جتنی سمجھ بوجھ رکھتے ہیں اسی حساب سے بات کرتے ہیں۔ میں ایسی باتوں پر یقین ہی نہیں رکھتا۔ ویسے بھی ہم لوگ ایوارڈ لینے